ICI PAKISTAN LTD.

# ہمقدم


آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر ۷ شمارہ نمبر ۳    جولائی تا ستمبر ۲۰۱۷


A Part of YBG



# آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی پہلی سہ ماہی برائے سال 2017-18 کے نتائج، کمپنی کی ترقی کا سفر کامیابی سے جاری

کراچی، 26 اکتوبر، 2017

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا بورڈ آف ڈائریکٹرز انتہائی مسرت کے ساتھ 30 ستمبر 2017ء کو ختم شدہ پہلی سہ ماہی اور تین ماہ کی مدّت کے لیے کمپنی کے مالیاتی نتائج کا اعلان کرتا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے نئے مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے نتائج سے امید ہے کہ کمپنی کی ترقی کا سفر کامیابی سے جاری رہے گا اور آئندہ مہینوں میں کامیابی کے لیے ایک مستحکم بنیاد ثابت ہوگا۔ اس سہ ماہی کے لیے کمپنی کا غیر مجموعی بعد از ٹیکس منافع 741 ملین (پاکستانی) روپے رہا، جوکہ گزشتہ سال اسی مدّت کے مقابلے میں 20 فیصد زیادہ ہے، جبکہ فی حصص آمدنی 8.02 (پاکستانی) روپے رہی۔

جائزے کی اس مدّت کے دوران کمپنی کے آپریٹنگ نتائج 1,009 ملین (پاکستانی) روپے رہے جوکہ گزشتہ سال اسی مدّت کے مقابلے میں 16 فیصد زیادہ ہیں۔

اس کی بنیادی وجہ پولیئسٹر اور لائف سائنسز بزنسز میں بہتر کارکردگی ہے۔ پولیئسٹر بزنس میں بہتر مارجن اور زیادہ والیومز کی بدولت آپریٹنگ نقصانات میں 82 فیصد کمی ہوئی، جبکہ لائف سائنسز بزنسز کے دونوں ڈویژنز (فارماسیوٹیکلز اور اینیمل ہیلتھ) کی مستحکم کارکردگی کا نتیجہ، گزشتہ سال اسی مدّت کی کارکردگی کے مقابلے میں، 53 فیصد اضافے کی صورت میں برآمد ہوا۔

اس سہ ماہی میں نیٹ ٹرن اوور 11,235 ملین (پاکستانی) روپے رہا، جوکہ گزشتہ سال اسی مدّت کے مقابلے میں 21 فیصد زیادہ ہے۔ جس کی بنیادی وجہ تمام بزنسز بشمول پولیئسٹر، لائف سائنسز کے علاوہ کیمیکلز اینڈ ایگری سائنسز کے نئے بزنس میں مستحکم منافع ہے، جس میں بالترتیب 31 فیصد، 29 فیصد اور 25 فیصد اضافہ ہوا۔

کمپنی تابناک مستقبل کے حوالے سے ترقی کی منازل طے کرنے میں مصروفِ عمل ہے اور کئی حالیہ جاری پروجیکٹس اسی سلسلے کی کڑی ہیں۔ جن میں سے ایک، سوڈا ایش بزنس کا پیداواری صلاحیت میں توسیعی منصوبے کا پہلا فیز ہے، جس کی بدولت پیداواری صلاحیت میں 75,000 ٹن سالانہ اضافہ ہوجائے گا۔ کیمیکل اینڈ ایگری سائنسز بزنس میں ماسٹر بیچ مینوفیکچرنگ کی سہولت بھی ہمارے مستقبل کے منصوبوں میں شامل ہے۔

کمپنی کی دیگر کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹیو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، جناب آصف جمعہ نے کہا ''وائیتھ پاکستان لمیٹڈ کے کچھ اثاثوں اور برانڈز کے حصول کے بعد اب پروڈکشن نئے ہاکس بے پلانٹ پر ہوا کرے گی، جس سے لائف سائنسز بزنس کے امکانات میں بھی بہتری آئے گی۔ ہمارے اکثریتی ملکیتی ادارے، نیوٹریکو مورینا گا (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ذریعے ہم مورینا گا انفینٹ فارمولا ملک کی مینوفیکچرنگ جدید ترین طریقے سے کرانے کے لیے کوشاں ہیں۔ ہم سب ان تمام کاوشوں کی بدولت ملنے والی ترقی و کامیابی کے زبردست امکانات اور مواقع کے حوالے سے بہت پُر جوش ہیں۔''

ہم یہ بتاتے ہوئے انتہائی مسرت محسوس کرتے ہیں کہ کمپنی توانائی کے بہترین متبادل ذرائع کی تلاش پر اپنی توجہ مرکوز رکھے گی، اخراجات میں کمی کے اقدامات کرے گی، موجودہ کسٹمرز اور سپلائرز سے تعلقات میں مزید استحکام لائے گی اور اپنے وعدے، کلٹیویٹنگ گروتھ (ترقی کے لیے کوشاں) پر عمل پیرا ہوتے ہوئے آرگینک اور اِن آرگینک گروتھ کے مواقع کے حوالے سے بھرپور جستجو کرے گی۔

## انتقالِ پُر ملال

گزشتہ دنوں ہمارے دلعزیز ساتھی محمد عامر جمیل مینجر کارپوریٹ رپورٹنگ اینڈ شیئرڈ اکاؤنٹنگ، ہیڈ آفس کراچی اپنی فیملی کے ساتھ شمالی علاقہ جات کی سیر وتفریح کیلئے اپنی کار میں براستہ سڑک گئے۔ ان کا یہ دورہ تقریباً 15 روزہ تھا۔ 10 اگست کو اس تفریحی دورے سے واپسی پر کراچی کے قریب سپر ہائی سے پر ان کی گاڑی ایک حادثے کا شکار ہوگئی جس میں ان کی چھوٹی بیٹی کو شدید چوٹیں آئیں اور ان کی اہلیہ موقع پر ہی اپنے خالقِ حقیقی سے جاملیں۔ اِنَّ لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ واضح رہے کہ عامر جمیل سوڈا ایش کھیوڑہ میں بھی کافی طویل عرصہ کام کر چکے ہیں اور ان کا حلقہ احباب بہت وسیع ہے۔ چنانچہ یہ تمام ہیڈ آفس اور سوڈا ایش کھیوڑہ کے دوستوں کیلئے نہایت افسوس ناک خبر تھی۔

ادارہ ہمقدم اس افسوس ناک حادثے پر اپنے دلی رنج وغم کا اظہار کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ عامر جمیل کی بیگم کو جوارِ رحمت میں جگہ دے اور ان کے بچوں اور عامر جمیل کے خاندان کو یہ صدمہ جھیلنے کی ہمت اور حوصلہ دے۔ آمین

بچھڑا کچھ اس ادا سے کہ رُت ہی بدل گئی
وہ ایک شخص سارے شہر کو ویران کر گیا

## اداریہ

### عزیز ساتھیو!

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ہم نے نئے مالی سال کا آغاز نہایت عمدہ طریقے سے کیا ہے جس کے بارے میں آپ تفصیلی خبر اوپر پڑھ چکے ہیں۔

ہمارے کام کرنے کا سارا دارومدار سیفٹی پر ہے چنانچہ اس سہہ ماہی میں سوڈا ایش نے ایک بھرپور سیفٹی ویک منایا جس میں مختلف پروگرام ترتیب دیئے گئے تاکہ کام کے دوران اور روزمرہ زندگی میں ہمارا ہر قدم محفوظ طریقے سے اُٹھے اور ہم کو یہ نہ کہنا پڑے کہ یہ تو ہماری تقدیر میں تھا۔

اس سہہ ماہی ہی میں ہم سب نے مل کر بڑے جوش اور جذبہ سے یومِ آزادی منایا۔ ہماری ہر سائٹ پر مختلف رنگارنگ تقریبات کا اہتمام کیا گیا جن کی تصویری جھلکیاں بھی آپ کو اس شمارے میں نظر آئیں گی۔

اسی دوران ایک اندوہناک ٹریفک حادثے کی بدولت ہمارے ہر دلعزیز ساتھی عامر جمیل کی اہلیہ اپنے خالقِ حقیقی سے جاملیں۔ آپ سب اس کے بارے میں پہلے ہی جان چکے ہیں۔ ہماری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور لواحقین کو صبرِ جمیل دے۔ آمین

حسبِ معمول آپ کی آراء اور تبصرے کا انتظار رہے گا۔

ایڈیٹر۔ عبدالغنی
abdul.ghani@ici.com.pk
Tel: 021-32318148, 32314646
Cell: 0300-8238751

ہمقدم ایک سہہ ماہی رسالہ ہے جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف کیلئے شائع کیا جاتا ہے۔ رسالہ میں شامل کسی بھی آرٹیکل کی اشاعت یا استعمال کیلئے اجازت لینا ضروری ہے۔

# یومِ آزادی



آزادی کی قدر و قیمت کا اندازہ صرف وہی لوگ لگا سکتے ہیں جو کبھی محکوم رہ چکے ہوں، جو قومیں کبھی محکوم رہ چکی ہوں اور اپنے عوام کی جدوجہد کی بدولت آزادی حاصل کرتی ہیں ان کی زندگیوں میں وہ دن نہایت اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔

قائداعظم کی قیادت میں ہمارا وطن پاکستان بھی 14 اگست کو آزاد ہوا۔ یہ دن ہماری تاریخ کا ایک اہم اور یادگار دن ہے، اس دن ملک بھر میں وطن کی آزادی کے چرچے اور مختلف تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف نے بھی اس دن کی مناسبت سے تمام آفسز اور پلانٹس پر مختلف تقریبات کا انعقاد کیا۔





درج ذیل میں ان تقریبات کی تصویری جھلکیاں آپ کی خدمت میں پیش ہیں۔



## ہیڈ آفس

ہیڈ آفس کراچی میں اس تقریب کا آغاز چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے پرچم کشائی سے کیا جس کے بعد تمام اسٹاف نے قومی ترانہ پڑھا۔ ہیڈ آفس کے اندر گراؤنڈ فلور اور فرسٹ فلور کو نہایت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ چونکہ ایک دن قبل ہی عامر جمیل کی اہلیہ کا ٹریفک حادثے کے نتیجے میں انتقال ہوا تھا اس وجہ سے ہیڈ آفس میں نہایت سادگی سے یہ تقریب منائی گئی اور تمام شرکاء نے ان کے ایصال ثواب کیلئے دعا بھی کی۔





## کھیوڑہ

سوڈاایش ورکس کھیوڑہ میں حسبِ سابق یوم آزادی کی شاندار تقریب منعقد کی گئی جس میں ورکس مینجر محمد عمر مشتاق نے تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور قومی ترانہ پڑھا۔ اس سے قبل پلانٹ کے سیکورٹی گارڈز نے سلامی پیش کی اور عمر مشتاق نے گارڈ آف آنر کا معائنہ بھی کیا۔

اس کے علاوہ کھیوڑہ میں قائم ونگٹن اسکول کے بچوں نے بھی اپنے طور پر یوم آزادی کی مناسبت سے اسکول میں پروگرام منعقد کیا۔












## مزنگ آفس لاہور

مزنگ آفس لاہور میں بھی یوم آزادی کی تقریب بڑے جوش وجذبے سے منائی گئی جہاں پرچم کشائی کے ساتھ اسٹاف کیلئے ناشتے کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔





## سرن فارما

سرن فارما کے پلانٹ واقع حطار انڈسٹریل اسٹیٹ اور ہیڈ آفس، اسلام آباد میں علیحدہ علیحدہ یومِ آزادی کی تقریبات کا انعقاد کیا گیا جس میں تمام اسٹاف نے بھرپور حصہ لیا۔









## شیخوپورہ

### پرچم کشائی کی تقریب

ہر سال کی طرح اس سال بھی پولیسٹر بزنس میں یومِ آزادی کے موقع پر مورخہ 14 اگست 2017 کو پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ صبح 08:00 بجے ایڈمن بلڈنگ کے باہر پرچم کشائی کی گئی۔ کاشف یونس (شفٹ کوآرڈینیٹر) نے پرچم کشائی کی۔ پرچم کشائی کے بعد پاکستان کا قومی ترانہ بھی پڑھا گیا۔ اس تقریب میں منیجمنٹ، ورکر اور یونین آفیشلز نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر سید عمران شہریار (صدر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر ایمپلائز یونین) نے آزادی کیک بھی کاٹا۔ آخر میں تمام شرکاء کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔









## اینیمل ہیلتھ پلانٹ

اینیمل ہیلتھ مینوفیکچرنگ پلانٹ واقع ملتان روڈ لاہور پر بھی جشن آزادی بڑے جوش وخروش سے منایا گیا جس میں تمام اسٹاف نے وطن سے اپنی محبت کے جذبے کا اظہار کیا۔













# تھیلیسیمیا کے بچوں کے ساتھ یومِ آزادی

یومِ آزادی ایک ایسا دن ہے جس میں تمام پاکستانی اپنے غم، دُکھ اور تکلیفیں بھول کر جشنِ آزادی میں شریک ہوجاتے ہیں۔ ہیڈ آفس کے اسٹاف نے تھیلیسیمیا سے متاثرہ بچوں کی دیکھ بھال کے فلاحی ادارے ہیلپ انٹرنیشنل ویلفیئر ٹرسٹ بہادرآباد کے ساتھ مل کران کے سینٹر میں جشنِ آزادی کے حوالے سے ایک پروگرام کا انعقاد کیا۔اس پروگرام کا بنیادی مقصد تھیلیسیمیا کے بچوں کو بھی جشنِ آزادی کے پروگراموں میں شریک کرنا اوران کیلئے چند مسرت بھرے لمحے پیدا کرنا تھا۔





بچوں نے اس تقریب میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔جس میں انھوں نے سنگراورآئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف کے ساتھ مل کرملی نغمے اورقومی ترانہ گایا۔ میجک ماسٹر نے بچوں کواپنے ہاتھ کی صفائی کے کرتب دکھائے جس کو بچوں اور ان کے ساتھ آئے ہوئے والدین نے بے حد پسند کیا۔

بچوں کوآئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے جھنڈیاں، کیپ، جرسیاں اور دیگر تحائف بھی دیئے گئے۔ ہیلپ انٹرنیشنل ویلفیئر ٹرسٹ کی انتظامیہ اور بچوں کے والدین نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی اس چھوٹی سی کاوش کونہایت پسندیدگی کی نظر سے دیکھا اور تعریفی کلمات سے نوازا۔ ہیلپ انٹرنیشنل کے روح رواں عبدالرؤف تابانی نے اپنے خطاب میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف کا شکریہ ادا کیا کہ آپ نے ہمارے ادارے کے زیر علاج بچوں کیلئے یہ پروگرام ترتیب دیا ان بچوں کے چہروں پر کھلی مسرت اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ ہم ان کیلئے چند خوشگوار اور یادگار لمحات مہیا کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ لوگوں کا آئندہ بھی اس قسم کے پروگراموں میں تعاون شامل رہے گا۔























# لیڈیز ویلفیئر سینٹر۔ کھیوڑہ

دوردراز علاقے کی لڑکیوں کیلئے ایک معیاری ادارہ

## صفیہ سلطانہ

اسٹوڈنٹ لیڈیز ویلفیئر سینٹر، کھیوڑہ



سب سے پہلے میں اللہ تعالیٰ کا شکرادا کرتی ہوں کہ اس رب نے ہمیں مسلمان پیدا فرما کر ہم پر احسان فرمایا ہے۔ میرا نام صفیہ سلطانہ ہے میرے ابو کا نام ملک محمد افسر ہے میرے ابو سالٹ مائن میں کام کرتے ہیں۔ میرے 3 چھوٹے بھائی ہیں میں F.A کی طالب علم ہوں۔ میں نے میٹرک کا امتحان 2013ء میں پاس کیا ہے F.A کی پڑھائی کے بعد میں نے لیڈیز ویلفیئر سینٹر میں داخلہ لیا ہے۔ یہاں آکر مجھے بہت اچھا لگا ہے۔ یہاں پر میں نے بہت کچھ سیکھا ہے جس سے میں پہلے ناواقف تھی۔ یہاں میری بہت سی ہم عمر دوستیں ہیں۔ یہاں پر قابل احترام ٹیچرز ہمیں علم و ہنر سے آراستہ کر رہی ہیں۔ یہاں ہمیں بہت سے چیزیں مثلاً کڑھائی سلائی Knitting، Qualiting اور Cooking بھی سکھائی جاتی ہے یہ وہ ہنر ہیں جو میری اور میری ساتھیوں کی عملی زندگی میں بے حد کام آئیں گے۔

Cooking میں ہم نے بہت کچھ سیکھا ہے اور پھر ہم گھر میں وہی چیز بنانے کی کوشش کرتی ہیں۔ کڑھائی سے ہم اپنے ڈوپٹے اور قمیص پر کڑھائی کر سکتی ہیں۔ جو ٹیچر ہمیں سلائی سکھاتی ہیں بہت اچھے طریقے سے سکھاتی ہیں ہم سلائی سیکھ کر اپنے خود کے کپڑے سلائی کرتی ہیں تو ہم کو بے حد خوشی ہوتی ہے۔ Knitting کے ذریعے ہم سویٹر، جرابیں، ٹوپی وغیرہ بنانا سیکھ رہی ہیں۔ اور اب ماشاء اللہ میں ہر کام دیکھ کر کر سکتی ہوں، کروشیہ کا کام میں بہت اچھے طریقے سے کر سکتی ہوں میں نے بہت سی چیزیں بنائی ہیں۔ مثلاً: فراک، جوتے، شال، ٹوپی، رومال وغیرہ۔

یہ ایک ایسا ہنر ہے جو میرے مشکل وقت میں کام آسکتا ہے۔ میں سب سے پہلے اپنے رب کا شکرادا کرتی ہوں اس کے بعد میں اپنے ماں باپ اور پھر اس کے بعد میں اپنی ٹیچرز کا شکریہ ادا کرتی ہوں جنھوں نے مجھے اس قابل سمجھا کہ میں ہنر سیکھ سکوں اور خاص طور پر میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کھیوڑہ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انھوں نے اس دوردراز علاقے کے لڑکیوں کیلئے ایسا معیاری ادارہ بنایا ہے کہ جہاں اس علاقے کی لڑکیاں اور خواتین ہنر سیکھ کر اپنے مستقبل کو محفوظ کر رہی ہیں۔

## راضیہ

اسٹوڈنٹ، لیڈیز ویلفیئر سینٹر، کھیوڑہ

میرا نام راضیہ ہے۔ میں نے میٹرک کا امتحان آج سے 5 سال پہلے پاس کیا اور اس کے بعد میں نے فرسٹ ایئر میں داخلہ لیا اور فرسٹ ایئر پاس کرنے کے بعد میں آگے نہ پڑھ سکی مجھے پڑھنے کا بہت شوق ہے میں پڑھنا چاہتی ہوں پر گھر کے حالات کی وجہ سے میں نہیں پڑھ رہی۔ انشاء اللہ زندگی رہی اور نصیب میں ہوا تو پڑھوں گی اور میں گزارش کروں گی کہ جو طالب علم پڑھ سکتے ہیں وہ لازمی اور محنت کر کے اپنے امی اور ابو کا نام روشن کریں۔ مجھے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کھیوڑہ کے لیڈیز ویلفیئر میں داخلہ لیئے ہوئے 4 ماہ ہو گئے ہیں میں نے ان چار ماہ میں بہت کچھ سیکھا ہے مثلاً سلائی، کڑھائی، کروشیہ کا کام اور کھانا پکانا۔ میں یہ ہنر سیکھ کر بہت خوش ہوں اور آپ بھی اپنے آپ کو خوش کر سکتے ہیں گھر فارغ بیٹھنے سے بہتر ہے کہ آپ کچھ کر کے اپنے ماں باپ کا سر فخر سے بلند کریں۔ اس میں آپ بھی خوش آپ کے ماں باپ بھی خوش اور اگر ماں باپ خوش تو اللہ تعالیٰ بھی خوش اور اگر زندگی میں کامیابی حاصل کرنی ہے تو پلیز پلیز آپ سب سے جو نماز نہیں پڑھتے وہ اپنے 5 وقت کی نماز پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ پھر آپ دیکھیں گے اپنی منزل میں کیسے کامیاب ہوتے ہیں الفاظ بہت ہیں یہاں بیاں کرنے میں وقت لگے گا۔

مختصر کہوں گی کہ زندگی میں کبھی محنت کا دامن ہاتھ سے جانے مت دینا۔ ہمیشہ محنت کرتے رہنا کیونکہ جو محنت کرتا ہے کامیابی اُسی کو ملتی ہے۔ اپنے آپ کو کبھی کسی سے کم تر مت سمجھنا۔ اگر ہم اپنے آپ کو کسی سے کمزور سمجھنے لگے تو ہم کبھی آگے نہیں جا پائیں گے۔ اس لئے ہمیشہ محنت کرتے رہو انشاء اللہ تعالیٰ زندگی میں کامیاب ہو گے۔

کامیابی صرف ان ہی لوگوں کے قدم چومتی ہے جو دل لگا کر محنت کرتے ہیں۔

## سمیرا غفور

اسٹوڈنٹ۔ لیڈیز ویلفیئر سینٹر کھیوڑہ



سب سے پہلے میں شکرادا کرتی ہوں اس پروردگار کا جس نے ہمیں مسلمان پیدا فرمایا۔ اور شکرادا کرتی ہوں اپنے رب کا اس نے ہمیں علم و ہنر کے لائق سمجھا۔ میرا نام سمیرا غفور ہے میں F.A کی طالب علم ہوں کالج سے فارغ ہو کر میں نے کچھ عرصے بعد لیڈیز ویلفیئر سینٹر کھیوڑہ میں داخلہ لیا ہے۔ میرے ابو کا نام عبدالغفور ہے میرے ابو گاڑی چلاتے ہیں میرے 4 چھوٹے بھائی ہے۔ میں اس سینٹر میں آکر بہت خوش ہوں، یہاں ہمیں کئی ہنر سکھائے جاتے ہیں جن سے ہم پہلے ناواقف تھے۔ مجھے لیڈیز ویلفیئر سینٹر میں 1 سال کا عرصہ ہو چکا ہے یہاں سب سے پہلے ہم اپنے دن کا آغاز اپنی کلاس میں اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام سے کرتے ہیں۔

اس کے بعد ہماری بہت ہی قابل احترام ٹیچر مس مسرت ہماری پہلی کلاس کڑھائی کی لیتی ہیں۔ ان کے بعد ہمیں قرآن کریم پڑھانے ہمارے استاد قاری صاحب آتے ہیں۔ ان کے بعد ہماری ٹیچر مس ناظمہ ہماری کروشیہ کی کلاس لیتی ہے۔ ان کے بعد مس حمیرا ہمیں بنائی Kniting کا کام سکھاتی ہیں۔ ان کے بعد ہماری ٹیچر مس لبنیٰ ہمیں Quolting سکھاتی ہیں۔ ان کے بعد ہماری ٹیچر مس نفیسہ ہمیں سلائی سکھاتی ہیں۔ اس کے علاوہ ہماری ٹیچر مس مسرت ہمیں مہینے میں 2 مرتبہ کھانا پکانے کی کلاس کرواتی ہیں اور ہم مہینے میں 2 مرتبہ خود بناتے ہیں۔ ہمیں یہاں بہت مزہ آتا ہے بہت اچھا لگتا ہے یہاں ہماری ہر ٹیچر ہمیں بہت اچھے طریقے سے اور بہت پیار سے کام سکھاتی ہیں۔ ہمیں اپنی ٹیچرز پر بہت فخر ہے جو ہمیں بہت ہی اچھا ہنر سکھاتی ہیں جن سے ہم ناواقف تھے۔

> "ہنرمندی کے حوالے سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا لیڈیز ویلفیئر سینٹر، کھیوڑہ کی لڑکیوں کیلئے باعث فخر ہے۔"

میں نے ایک شال بنائی ہے اپنی امی کیلئے بہت ہی پیار اور محبت سے جو میری امی کو بہت پسند آئی ہے کہتے ہیں کہ علم و ہنر کو کبھی زوال نہیں آیا ہے۔ میں اپنی تمام ٹیچرز کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور اپنے ماں باپ کا اور لیڈیز ویلفیئر سینٹر کھیوڑہ کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ وہ کھیوڑہ کی لڑکیوں اور خواتین کے لئے اتنی محنت کرتے ہیں اور ان کی فلاح و بہبود کے بارے میں اتنا سوچتے اور خیال کرتے ہیں۔ ہنرمندی کے حوالے سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا لیڈیز ویلفیئر سینٹر، کھیوڑہ کی لڑکیوں کیلئے باعث فخر ہے۔

# ونگٹن اسکول کے بچوں کے میٹرک میں شاندار نتائج

## مریم خالد اور نورالعین حیدر کی راولپنڈی بورڈ اور ضلع بھر میں دوسری پوزیشن

حال ہی میں راولپنڈی میٹرک بورڈ ۲۰۱۷ کے نتیجے کا اعلان کیا گیا جس میں ونگٹن اسکول کے بچوں کی غیر معمولی کارکردگی سامنے آئی جس سے نہ صرف اسکول ہذا، پرنسپل، اساتذہ اور والدین کا سر فخر سے بلند ہوگیا بلکہ علاقے بھر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اس سال کل 19 بچے (۵ لڑکے اور ۱۴ لڑکیاں) میٹرک کے امتحان میں شامل ہوئے اور سب شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے A+ گریڈ میں کامیاب ہوئے۔

اس بار نتیجے کی ایک خاص اور اہم بات یہ ہے کہ اسکول کی طالبہ مریم خالد نے ۱۱۰۰ میں سے ۱۰۷۹ (98%) نمبر لے کر راولپنڈی بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کی جو تمام متعلقہ افراد کے لئے باعثِ فخر ہے، اس کے علاوہ ۱۰ طلباء و طالبات نے 90% سے زیادہ نمبر حاصل کئے، اس علاقے میں پہلی بار کسی طالبہ نے بورڈ کے امتحان میں پوزیشن حاصل کی ہے۔ یہ ہونہار طالبہ ونگٹن اسکول میں ۲۰۰۶ میں پریپ کلاس میں داخل ہوئی تھی۔

اسکول کی ایک اور ہونہار طالبہ نورالعین حیدر نے بہترین کارکردگی دکھاتے ہوئے ۱۰۷۱ (97.3%) نمبر حاصل کر کے اسکول میں اور ضلع بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کی اور حمائلہ ایوب نے ۱۰۵۰ (95.4%) نمبر لے کر اسکول میں تیسری اور ضلع میں چوتھی پوزیشن حاصل کی مریم خالد اور نورالعین حیدر نے پارٹ ون میں پنڈی بورڈ میں اول پوزیشن حاصل کی تھی۔

اس سال درحقیقت میٹرک کا راولپنڈی بورڈ کا رزلٹ اسکول کے لئے انتہائی قابل فخر رہا اور ہمارے اسکول کی دو بچیوں نے راولپنڈی بورڈ میں میٹرک کے امتحان میں دو نمایاں پوزیشنز حاصل کیں جو اسکول کی بہترین کامیابی اور پرنسپل و اساتذہ کی انتھک کوششوں کا نتیجہ ہے اور اس شاندار کامیابی پر ہم سب کو فخر ہے۔















ونگٹن اسکول کے لئے اعزاز

# کنیڈی لوگر یوتھ ایکسچینج اینڈ اسٹڈی (YES) پروگرام میں انتخاب

یہ ادارہ اکتوبر ۲۰۰۲ میں قائم ہوا اور امریکہ اس کو فنڈ مہیا کرتا ہے۔ بیورو آف ایجوکیشنل اینڈ کلچرل افیئرز (ECA) ہائی اسکول کے طلباء و طالبات کو ایک سال امریکہ میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے اسکالرشپ دیتا ہے۔ یہ طلباء میزبان فیملی کے ساتھ ایک سال رہتے ہیں اور امریکہ کے ہائی اسکول میں تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ وہ وہاں کے معاشرے میں رہ کر وہاں کی اقدار اور رسم و رواج کا مطالعہ کرتے ہیں اور وہاں کے لوگوں کو اپنے ملک کی روایات اور کلچر سے آگاہ کرتے ہیں، پاکستان کے ۹۳۰ سے زائد طلباء و طالبات اس پروگرام کو مکمل کر چکے ہیں۔

اس سال ونگٹن اسکول دہم جماعت کی تین طالبات حمائلہ ایوب، جانیس فرزام گوندل اور نورالعین حیدر نے Yes Program کے لئے اپلائی کیا یہ طالبات ایک کٹھن انتخابی مرحلے سے گزریں جس میں تحریری امتحان، انٹرویو، اجتماعی مباحثہ اور انگریزی زبان پر مہارت کا ٹیسٹ شامل تھا، تینوں طالبات نے ہر مرحلے میں کامیابی حاصل کی اور آخری مرحلے تک پہنچیں ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ ہماری دو طالبات حمائلہ ایوب اور جانیس فرزام گوندل امریکہ پہنچ چکی ہیں حمائلہ ایوب کو Cincinnati Ohio میں بھیجا گیا اور جانیس کو واشنگٹن ڈی سی میں وہ ایک سال تک امریکہ میں رہنگی اور مختلف Forums پر پاکستان کی نمائندگی کریں گی، Yes Program کو مکمل طور پر امریکی وزارتِ خارجہ کی مالی معاونت حاصل ہے جبکہ ونگٹن اسکول پاکستان کا وہ واحد اسکول ہے جس سے ایک سال میں ایک ساتھ دو طالبات اس پروگرام میں منتخب ہوئیں جو ونگٹن اسکول کے لئے اعزاز کی بات ہے۔

ایگری ڈویژن

# سرخ مرچ ایڈونٹا5017۔فیلڈ ڈے





سرخ مرچ صارفین کی مارکیٹ کا لازمی جزو اور وتجٹیبل سیڈ کے شعبہ کی نمایاں ترین پروڈکٹ ہے۔اس سلسلے میں وتجٹیبل سیڈز سیلز ٹیم نے پٹھورو ٹاؤن، میر پور خاص میں چلی ایڈونٹا5017 کی فیلڈ مہم کا اہتمام کیا۔

اس سرگرمی کا مقصد مرچوں کے آنے والے سیزن میں صارفین کی مارکیٹ میں نمایاں اضافہ حاصل کرنا تھا جس میں فارمرز کو سرخ مرچ کی ورائٹی سے متعلق اہم معلومات فراہم کی گئیں۔

اس ورائٹی کی نمایاں خصوصیات میں بہتر فصل، مرچ کا بڑا سائز، بھرپور بیج کے علاوہ فنگس، وائرس اور غیر موافق موسمی حالات کی مزاحمت شامل ہیں جن کی بناء پر یہ دوسری مسابقتی ورائٹیز سے بہتر ہے۔

اس موقع پر کاشتکاروں کو اچھی فصل کے حصول کیلئے پروڈکٹ کے بارے میں اہم ٹیکنیکل معلومات اور پروڈکٹ کے فوائد سے آگاہ کیا گیا۔ نیز کاشتکاروں کو عملی مظاہروں کے ذریعہ نئے ایگرونومک طریقہء کار کے استعمال کے بارے میں سکھایا گیا۔

اس طرح ٹیم کی یہ سرگرمی براہ راست اصل صارف تک پہنچنے اور مارکیٹ کی طلب میں اضافہ کا ہدف حاصل کرنے کیلئے نہایت موثر اور مفید ثابت ہوئی۔

ایگری سیڈز

# اوکرا (بھنڈی) F1 803 فیلڈ ڈے

رپورٹ: باسل سعید

وتجٹیبل سیڈز ڈویژن برانڈ کو معروف کروانے پر پختہ یقین رکھتا ہے۔ چنانچہ پروڈکٹ کی ڈیولپمنٹ کیلئے سیلز ٹیم نے کراچی کی حدود میں واقع وارٹاؤن میں اوکرا F 1 803 سے متعلق ایک فیلڈ ڈے کا اہتمام کیا۔

اس فیلڈ ڈے کا مقصد کاشتکاروں کو پروڈکٹ کی خصوصیات اور اس کی کاشت کی گنجائش سے متعلق معلومات فراہم کرنا اور ایک ہی وقت میں زیادہ سے زیادہ صارفین کی جانب سے اس کا آرڈر حاصل کرنا تھا۔ چنانچہ کاشتکاروں کو اس کی نمایاں خصوصیات سے آگاہ کیا گیا۔

کاشتکاروں کیلئے اپنی پروڈکٹ کی بہتر کوالٹی کا عملی مظاہرہ کرنے کی غرض سے پروڈکٹ کو دیگر معروف مسابقتی پروڈکٹس کے برابر بویا گیا۔ اوکرا F1 803 نے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور کاشتکاروں کیلئے نہایت تسلی بخش نتائج حاصل ہوئے۔

اس کی نمایاں ترین خصوصیات جیسے کاشت کی اچھی گنجائش، کانٹوں کے بغیر پودوں کی وجہ سے چنائی آسان اور اوکرا ییلو وینن وائرس کے خلاف مزاحمت کی بناء پر اسے دوسری تمام مسابقتی پروڈکٹ کے مقابلے میں برتر قرار دیا گیا ہے۔

کاشتکاروں کو گزشتہ سال کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ پیداوار حاصل ہوئی اور توقع ہے کہ مارکیٹ ریٹس بھی کاشتکاروں کیلئے موافق ہوں گے۔ فیلڈز کے دوروں کے ساتھ ساتھ کاشتکاروں کو نئی پروڈکشن ٹیکنالوجیز بھی سکھائی گئیں تاکہ وہ مزید فوائد حاصل کرسکیں۔ کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ "فصل شاندار تو کاشتکار خوشحال"۔






سیڈز، ایگری ڈویژن

# وِیجیٹیبل سیڈز کا سہ ماہی اجلاس

## گوبھی، مٹر، کدو، پیاز، ٹماٹر، مرچ، گھیا کے بارے میں تربیتی نشست

رپورٹ: باسل سعید، کمرشل ٹرینی آفیسر، ایگری

ہر تین ماہ بعد منعقد ہونے والی میٹنگز سیلز اور ڈیولپمنٹ ٹیموں کو ایک ہی جگہ پر ایک دوسرے اور انتظامیہ سے ملنے اور باہمی گفت وشنید کا موقع فراہم کرتی ہیں۔ اس کے علاوہ یہ ٹیموں کو تکنیکی تبدیلیوں سے اپ ڈیٹ رہنے اور براہ راست اپنے خیالات کے اظہار کا ایک اہم اور موثر ذریعہ ثابت ہوتی ہیں۔

ایگری ڈویژن، وِیجیٹیبل سیڈز کے شعبہ کی جانب سے 7 اور 8 اگست 2017 کو لاہور میں دوروزہ سہ ماہی اجلاس کا اہتمام کیا گیا جس کا مقصد ٹیم کی تکنیکی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانا تھا۔ ان میں پاکستان کے تمام علاقوں سے وِیجیٹیبل سیڈز کے شعبہ کی سیلز اینڈ ڈیولپمنٹ ٹیموں نے شرکت کی۔

اس موقع پر HSE&S کے بارے میں ایک نشست ہوئی جس کا مقصد ہمارے "تحفظ کو اولین ترجیح" کے پیغام کی تجدید کرنا تھا۔

اس کے بعد آنے والے موسم کی پروڈکٹس کے بارے میں ٹیکنیکل ٹیم کی جانب سے اِن ہاؤس تربیت کا انعقاد کیا گیا۔ ان پروڈکٹس میں گوبھی، مٹر، کدو، پیاز، ٹماٹر، مرچ، گھیا اور پھلیاں شامل ہیں۔ اس کے ذریعہ ٹیموں میں پروڈکٹس کو بہتر طور پر سمجھنے کی آگہی دی گئی۔ اس موقع پر جناب عبدالوہاب، بزنس منیجر ایگری نے ٹیم سے خطاب کیا اور مارکیٹ کی تازہ ترین صورتحال اور وِیجیٹیبل ٹیم کی کارکردگی سے متعلق گفت وشنید کی۔ انہوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ایگری ڈویژن کے وژن، مشن اور مستقبل کی پلاننگ کی بھی توضیح کی اور ٹیموں پر زور دیا کہ وہ بہترین اخلاقی اقدار اپنائیں اور اپنی معلومات اور خدمات کے ذریعہ خود کو دوسری مقابل ٹیموں سے ممتاز کریں۔

جناب فراز علی بٹ، نیشنل سیلز منیجر نے شکایات پر کارروائی کے سلسلے میں ایک پریزنٹیشن دی اور اس بات پر زور دیا کہ ہر شکایت کو مثبت انداز کے ساتھ سمجھا جائے اور اسے سیکھنے اور بہتری لانے کا ایک موقع تصور کیا جائے۔

اس دوروزہ تقریب میں فراہم کردہ تربیت سے متعلق کوئز اور مشقوں کا اہتمام بھی کیا گیا تھا تاکہ تربیت کے موثر ہونے اور ٹیم کی حاصل کردہ معلومات کی جانچ کی جاسکے۔ اس کے علاوہ شرکاء کے ساتھ کامیابیاں، پروڈکٹ کے نتائج کی معلومات اور تصاویر بھی پیش کی گئی جس کا مقصد ٹیم میں اعتماد میں اضافہ کرنا تھا۔









ایگری

# مینگو پارٹی

لائف سائنسز بزنس کی ایچ آر ٹیم نے نئے مالی سال کی آمد کا جشن منانے کیلئے تمام لوکیشنز پر مینگو پارٹی کا اہتمام کیا۔ نو مختلف شہروں میں کارکن ساتھی اپنے متعلقہ علاقائی دفاتر میں جمع ہوئے اور تازہ مزیدار آموں کا لطف اٹھایا اور کام کے اس وقفہ میں بھرپور تفریح کی۔ اس تقریب کیلئے ایک خاص موضوع کا انتخاب کیا گیا تھا اور تمام شرکاء پیلے، ہرے اور نیلے رنگ کے لباس زیب تن کئے ہوئے تھے۔ بہترین لباس پہننے والی شخصیت کو انعام کا حقدار قرار دیا گیا اور ایک آموں کی پیٹی پیش کی گئی۔









ایگری کیمیکلز

# اُولالا اور لانسر گولڈ کی مارکیٹنگ مہم

## کپاس کی فصل کے کیڑوں کیلئے منفرد کیڑے مار دوا

رپورٹ: کاشف ریاض





ایگری ڈویژن کے ایگروکیمیکلز کا شعبہ ایک بڑے سنگ میل اور مضبوط برانڈز کی تخلیق کا ہدف حاصل کرنے میں سرگرم عمل ہے۔ اس کیلئے مربوط حکمت عملی پر مبنی مارکیٹنگ مہم ایسی کاوشوں میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ایسی ہی ایک مہم کا آغاز جولائی۔اگست کے دوران میں اُولالا اور لانسر گولڈ کیلئے کیا گیا۔یہ دونوں پروڈکٹس انتہائی منفرد کیڑے مار دوائیں ہیں جو کپاس کی فصل کے کیڑوں کو ابتدا ہی میں ختم کر دیتی ہیں جس کی وجہ سے فروخت کیلئے منفرد خصوصیت کی حامل ہیں۔یہ مہم ملک بھر میں چلائی کی گئی جس میں کپاس کی فصل کے کاشت والے علاقوں پر خاص توجہ دی گئی۔

یہ مہم بھرپور تشہیری سرگرمیوں پر مشتمل تھی۔جس میں میں ٹی وی کمرشل، اشاعتی میڈیا اور اشتہارات شامل تھے جس کے ساتھ ساتھ ڈیلرشپ کی دکانیں، پی او ایس میٹریل ڈسپلے، فیلڈز ڈے، کاشتکاروں کے اجتماعات اور فیلڈ کی دیگر مہمات شامل تھیں۔

ٹی وی کمرشل ایک پیشہ ورانہ ادارے نے تمام قانونی اور پیشہ ورانہ اصولوں کے مطابق تیار کیا تھا۔یہ کمرشل جولائی 2017 کے وسط سے اگست کے آخر تک معروف ٹی وی چینلز میں پرائم ٹائم پر ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔اس میں بنیادی طور پر پروڈکٹ کے طریقہء استعمال کو واضح کیا گیا تھا اور اس کے علاوہ دونوں پروڈکٹس کا تعارف، زیرِ ہدف کیڑے، زیرِ ہدف فصلوں، دوا کی مقدار وقت اور طریقہء استعمال کے ساتھ ساتھ ہماری پروڈکٹ کے بے مثال فوائد واضح کئے گئے تھے۔

معروف اخبارات کے صفحہء اول پر اشتہارات شائع کئے گئے تا کہ زیادہ سے زیادہ قارئین متوجہ ہوں۔ان اشتہاروں میں مطلوبہ پیغام کو مہارت کے ساتھ پیش کیا گیا تھا۔

کاشتکاروں سے براہ راست رابطے کیلئے بہاولپور، ملتان اور ڈی جی خان کے مختلف علاقوں میں فیلڈز ڈے / فارمرز کے اجتماعات منعقد کئے گئے۔فیلڈ کی سرگرمیوں کے اس دائرے کو جام پور، محمد پور، فضل پور، بہاولپور، کہروڑپکا، جشتیاں اور کئی دوسرے علاقوں تک وسیع کردیا گیا۔ان تمام اجتماعات میں سیلز ٹیم کے ممبران بشمول ریجنل سیلز منیجر اور ایریا منیجرز نے کاشتکاروں کے ساتھ براہ راست ان کی فیلڈز میں ملاقاتیں کیں اور اپنی پروڈکٹس کے نمونہ کا عملی مظاہرہ کیا جس سے ان کا اعتماد حاصل ہوا۔سرگرمی کو مزید موثر بنانے کیلئے ایگری ڈویثرن کے تمام نمائندوں نے پروڈکٹ کی برانڈنگ والی ٹی شرٹس پہنیں۔

اُولالا اور لانسر گولڈ سے متعلق پی او ایس میٹریل (۔بشمول پوسٹرز، بینرز، فلائیرز) کو تمام ڈیلرز کی دکانوں پر آویزاں کیا گیا۔ان کے ساتھ ساتھ وین، کاروں اور دیگر گاڑیوں کو کئی ہفتوں تک اپنے پروموشنل میٹریل کی ڈسپلے کیلئے استعمال کیا گیا۔





ایگری سیڈز

# ہائی کورن 339 فیلڈ سرگرمیاں-10,000 کاشتکاروں کا ہدف

رپورٹ: راؤ عامر شریف

ہائی کورن 339، موسم خزاں کیلئے ہماری حکمت عملی کا برانڈ ہے، اس بناء پر اس کیلئے مارکیٹنگ کی بھرپور کوششیں کی جاتی ہیں۔اس سال کی آخری سہ ماہی میں سیڈز کے شعبہ نے ہائی کورن 339 کی برانڈ ایکویٹی کو مزید تقویت دینے کیلئے ایک بھرپور مہم کا آغاز کیا۔ اس مہم کی بناء پر اب تک ہم 10,000 سے زیادہ کاشتکاروں تک رسائی کا ہدف حاصل کر چکے ہیں۔

اس مہم میں بھرپور تشہیری سرگرمیاں شامل تھیں۔جس میں بنیادی طور پر ریڈیو شامل تھا۔جہاں ہم نے اپنی ہدف مارکیٹ میں مشہور چینلز پر اشتہار نشر کروائے جن میں FM 92 اور FM 105 اوکاڑہ اور ساہیوال جبکہ FM 99 وہاڑی شامل تھے۔اس کے علاوہ دیگر سرگرمیوں میں اشتہاری مواد اور مفت تحائف (کیپ، ٹی شرٹس اور وال کلاک) اور ڈیلرز کی دکانوں اور دیگر نمایاں جگہوں پر بینرز، بل بورڈز اور اسٹینڈیز شامل تھیں۔اس کے علاوہ ڈیلر کے سائن بورڈ کی برانڈنگ بھی کی گئی۔

مزید برآں برانڈ کی ڈیولپمنٹ کیلئے توسیعی فیلڈ ورک جاری ہے۔ ہماری سیلز اینڈ ڈیولپمنٹ ٹیم ہائی کورن 339 کو خزاں کی کورن کیٹگری میں ٹاپ برانڈ بنانے کیلئے فیلڈ میں سخت جدوجہد کر رہی ہے۔ان کی سرگرمیوں میں فیلڈ ایڈوائزری سروسز کی فراہمی کرنے کے علاوہ کاشتکاروں کو منظّم کرنے اور بڑے کاشتکاروں کے اجتماعات اور فیلڈ ڈے کا اہتمام بھی شامل ہے۔

# ہمارا سرمایہ ہمارے بچے

## میٹرک کے امتحان میں شاندار کارکردگی

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے ایمپلائیز کے بچوں نے اس سال میٹرک کے امتحان میں راولپنڈی بورڈ میں نمایاں اور شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

مندرجہ ذیل تین بچوں نے میٹرک کے امتحان میں 90% سے زیادہ نمبر حاصل کئے۔

1۔ حمنہ عزیز دختر چوہدری عبدالعزیز سرفراز

2۔ ارقم آفتاب مرزا ولد آفتاب ربانی مرزا

3۔ علیزہ عزیز دختر قاری عبدالعزیز

ان بچوں اور انکے والدین کی حوصلہ افزائی کے لئے IR ڈیپارٹمنٹ نے ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا۔ اس تقریب میں بچوں، اُن کے والدین سلیم اختر صدیقی IR منیجر، رضوان عزیز HR منیجر راجہ راغب حسن IR آفیسر، چوہدری برکات حسین IR آفیسر یونین سی بی اے کے جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل اور محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

اس موقع پر محمد عمر مشتاق نے بچوں کو انعامات سے نوازا اُن کو شاندار کامیابی پر مبارکباد دی اور مستقبل میں اُن کی مزید کامیابیوں کے لئے دعا کی۔

بچوں اور اُن کے والدین نے کمپنی کی ایمپلائیز کے بچوں کی تعلیمی استعداد میں بہتری میں دلچسپی لینے پر نہایت خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا۔









سوڈا ایش

# یونین کی حج پر جانے والے ایمپلائیز کے اعزاز میں پارٹی

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں اس سال حج مبارک کے مقدس فریضے کی ادائیگی کے لئے جانے والے ایمپلائیز کے اعزاز میں 15 اگست 2017ء کو ایک شاندار ضیافت کا انتظام کیا گیا۔ یہ تقریب ورکس کینٹین میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں سی بی اے یونین کے تمام آفیشلز، تمام کمپنیز کے اراکین۔ ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ حج مبارک کی ادائیگی کے لئے جانے والے ایمپلائیز اور سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے ورکس منیجر محمد عمر مشتاق نے شرکت کی۔

اس موقع پر یونین کے جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل نے تمام شرکاء کو خوش آمدید کہا۔ حج پر جانے والوں کو مبارکباد دی اور وہاں پر سب کو اور خاص طور پر اپنے ادارے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کو دعاؤں میں یاد رکھنے کی اپیل کی۔

عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس نے بھی عازمین حج سے خطاب کیا تمام ساتھیوں کو مبارکباد دی اور دعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ آپ سب کا یہ مقدس سفر خیریت سے تکمیل کو پہنچائے اور آپ سب حالت صحت میں اپنے مذہبی فرائض ادا کر کے بخیریت اپنے گھروں کو لوٹیں۔ عمر مشتاق نے حج کے لئے جانے والوں سے وطن عزیز پاکستان، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس اور پوری امت کو دعاؤں میں یاد رکھنے کی درخواست کی۔

حج پر جانے والے تما ایمپلائیز کو یونین کی طرف سے تحائف دیئے گئے۔





# صحت مند سرگرمی۔ پر فضا مقام کی سیر

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ، ہر سال اپنے ایمپلائیز کے لئے مختلف النوع صحت مند سرگرمیوں کا انعقاد کرتی ہے۔ تمام ایمپلائز ان صحت مند سرگرمیوں میں پر جوش حصہ لیتے ہیں۔

اسی طرح کی ایک نہایت ہی خوبصورت صحت مند سرگرمی کسی بھی پر فضا مقام کی سیر ہوتی ہے۔ اس سال تمام ایمپلائیز کے لئے مری جیسے پر فضا مقام کی سیر کا پروگرام تشکیل دیا گیا۔

سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے ایمپلائیز نے 12 اگست 2017ء سے لیکر 30 اگست 2017ء تک مختلف گروپس کی شکل میں مری کی سیر سے لطف اٹھایا۔ تمام گروپس صبح سویرے تقریباً 6 بجے سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ سے روانہ ہوتے رہے اور پورا دن مری میں گزار کر تقریباً رات گئے واپس پہنچتے رہے۔

تمام ایمپلائیز نے مری کے خوبصورت موسم اور دلفریب نظاروں سے خوب لطف اُٹھایا اور وہ اپنی کمپنی کے اس شاندار صحت مند سرگرمی کے انتظام وانعقاد پر شکر گزار ہیں۔

بہت شکریہ۔ آئی سی آئی پاکستان









# سوڈا ایش میں آگ بجھانے کے عملی مظاہرے کی ورکشاپ

رپورٹر: راجہ غلام اکبر، ٹریننگ آفیسر





ہیلتھ سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ دنوں آگ بجھانے کے عملی مظاہرے پر ایک تربیتی ورکشاپ کا انعقاد ٹریننگ سینٹر میں کیا جس میں تمام مینجمنٹ سٹاف، ایریا منیجرز اور باقی رفقائے کار نے شرکت کی اس تربیتی سیشن کے لیڈ ٹریز سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید اور سیفٹی آفیسر مصدق حسنین تھے۔ اس تربیتی نشست میں رانا محمد عدیل نے تمام شرکا کو سلائیڈ، وڈیو کلپ اور بزنس میں آگ بجھانے کے آلات، سہولیات اور اس کے ساتھ ساتھ خدانخواستہ آگ لگنے کی صورت یا ہنگامی حالت میں افراد کے اخراج اور امدادی کاروائی کے مختلف راستوں سے آگاہی دی۔ اس ٹریننگ کا مقصد یہ تھا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ آگ بجھانے کی عملی تربیت حاصل کریں کیونکہ آگ ایک ایسی چیز ہے جو کہیں بھی لگ سکتی ہے۔ اور اگر اس پر بروقت قابو نہ پایا جائے تو اس کی تباہی کا آپ اندازہ نہیں لگا سکتے۔

اس عملی مظاہرے میں تمام ایریا منیجرز کے علاوہ دیگر شرکاء نے بھی حصہ لیا اور اپنے آپ کو آگ بجھانے کے آلات اور انکے صحیح استعمال سے آشنا کیا۔ کسی بھی ادارے کی ترقی اور تحفظ کا دارومدار دیگر عوامل کے علاوہ آتشزدگی سے بچاؤ کے اقدامات اور متعلقہ آلات کے استعمال سے متعلق مسلسل عملی تربیت سے منسلک ہوتا ہے۔ اس سیشن کے اختتام پر تمام شرکاء نے اس تربیتی نشست کے انعقاد کو سراہا اور آئندہ بھی اس طرح کی عملی تربیت کو جاری رکھنے کی تجویز دی۔

# سوڈا ایش میں فرسٹ ایڈ / سی پی آر کی تربیتی ورکشاپس

## کام کرنے والی افرادی قوت کا تحفظ اولین ترجیح

رپورٹر: راجہ غلام اکبر، ٹریننگ آفیسر

کسی بھی ادارے خاص طور پر مینوفیکچرنگ پلانٹ پر سیفٹی اور صحت کی اہمیت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا اس وجہ سے نہیں کہ پلانٹ اور مشینری محفوظ رہے بلکہ ان سب سے بڑھ کر وہاں کام کرنے والی افرادی قوت کا تحفظ سب سے اولین ترجیح ہوتی ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ جانتی ہے کہ ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہمارے ایمپلائز ہیں اسی بنیاد پر سوڈا ایش انتظامیہ اپنے ملازمین کے تحفظ کے لیے ہر لمحہ سرگرم عمل رہتی ہے۔ اس مرتبہ HSE ڈیپارٹمنٹ نے ڈاکٹر راشد خان کی خدمات لیتے ہوئے اس ماہ فرسٹ ایڈ / سی پی آر کے تین سیشن ٹریننگ سنٹر میں کروائے گے جس میں سوڈا ایش بزنس کے رفقائے کار، نئے آنے والے پلانٹ آپریٹر، پروڈکشن آفیسرز اور سوڈا ایش مائن پر کام کرنے والے رفقا بھی شامل کیے گئے۔ ڈاکٹر راشد خان نے ان تینوں تربیتی ورکشاپ میں شرکاء کو فرسٹ ایڈ / سی پی آر کے بارے میں سلائیڈز، ویڈیو کلپ، اور سی پی آر عملی مظاہرہ کر کے لوگوں کو آگاہی دی اسکے ساتھ ساتھ DRABC، سانپ کا کاٹ جانا، بڑوں اور چھوٹے بچوں میں سانس کی بحالی، جلنے کے دوران حفاظتی اقدامات کے بارے میں لوگوں کو آشنا کیا۔ اس ٹریننگ سیشن کو شرکاء نے کافی پسند کیا اور ان سے سوالات بھی کیے جس پر انھوں نے شرکاء کو بہت اچھے انداز میں گائیڈ کیا۔ آخر میں سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل نے ڈاکٹر راشد خان کا شکریہ ادا کیا۔





# نئے پلانٹ آپریٹرز اور پروڈکشن آفیسرز کی تربیتی نشست

رپورٹر: راجہ غلام اکبر، ٹریننگ آفیسر

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کے ٹریننگ سینٹر پر ہر وقت اپنے رفقائے کار کے لیے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد ہوتا رہتا ہے اسی عزم کو سامنے رکھتے ہوئے اس مرتبہ ایچ ایس ای اور پروڈکشن ڈیپارٹمنٹ نے مشترکہ طور پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش فیملی کا حصہ بننے والے نئے 32 پلانٹ آپریٹر اور 13 پروڈکشن آفیسرز کے لیے ایک سیفٹی اور ٹیکنیکل ٹریننگ پلان مرتب کیا ۔ اس ہفتہ ٹریننگ میں سیفٹی سے متعلق تمام اصولوں، خطرات کی نشاندہی ، BBS، PTW، کیمیکل ھینڈلنگ، الیکٹریکل سیفٹی ، ایمرجینسی رسپانس، آگ سے بچاؤ ، فرسٹ ایڈ/ سی پی آر پر عملی ٹریننگ کروائی گئی۔ ایچ ایس ای کی ٹریننگ میں رانا محمد عدیل جمشید سیفٹی مینجر ،سعید انور پاور سروسز مینجر ، ڈاکٹر راشد خان، ہارون احمد الیکٹریکل مینجر ، یاسر اکرم ٹیکنیکل مینجر ، راجہ غلام اکبر ٹرینگ آفیسر نے تمام شرکاء کو آگاہی دی اور اسکے ساتھ ساتھ ٹیکنیکل ٹریننگ میں سوڈا ایش کے تمام پلانٹ سے متعلقہ ٹریننگ کروائی گئیں۔ جس میں پلانٹ اے مینجر حمزہ اسمائیل، پلانٹ بی مینجر عدنان سرور، شفٹ کوارڈینیٹر یاسین اکرم، شفٹ کوارڈینیٹر شرجیل شاہد، شفٹ کوارڈینیٹر محمد فیروز، شفٹ انجینئر مظہر جعفری ، شفٹ انجینئر ابراہیم شاہ ، شفٹ انجینئر محمد حسام، شفٹ انجینئر عبدالمنان نے شمولیت کی ۔

اس ہفتہ ٹریننگ کی خاص بات ورکس مینجر محمد عمر مشتاق ،ٹیکنیکل مینجر توفیق چیمہ اور پروڈکشن مینجر صابر محمود نے بھی ٹریننگ سینٹر میں آکر نئے آنے والے رفقائے کار سے سیفٹی سے متعلق اپنا اظہار خیال کیا اور سب کو سیفٹی کے اصولوں پر عمل کرنے کی ہدایات کیں ۔ ورکس مینجر محمد عمر مشتاق نے بہت باریک بینی سے تمام نئے آنے والوں سے ہونے والی ٹریننگ اور سیفٹی سے متعلق ہونے والی ٹریننگ سے متعلقہ سوالات کیے اور انکو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی پالیسوں اور پروسیجرز پر توجہ دینے کو کہا۔ ورکس مینجر عمر مشتاق نے ٹریننگ کے اس نئے انداز کو سراہا۔



آخر میں ورکس مینجر محمد عمر مشتاق ،ٹیکنیکل مینجر توفیق چیمہ، پروڈکشن مینجر صابر محمود سب نے سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل ،ٹرینگ آفیسر راجہ غلام اکبر، اور پروڈکشن ڈیپارٹمنٹ اور سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کیطرف سے شامل ہونے والے ٹریز کو شاباش دی اور امید ظاہر کی کہ وہ اپنے لئے ایک روشن مستقبل دیکھ رہے ہیں اس لئے نہایت ذمہ داری اور لگن کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت ہے۔



# سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز کی میٹنگ

رپورٹر: راجہ غلام اکبر، ٹریننگ آفیسر

آئی سی آئی سوڈا ایش پاکستان لمیٹڈ میں سیفٹی ایمپرومنٹ ٹیمز ہر وقت مصروف عمل رہتی ہے اس مرتبہ سال 2016-2017 کی آخری سیفٹی امپرومنٹ کی میٹنگ کا انعقاد ٹریننگ سنٹر میں کیا گیا۔ تمام ٹیمز نے اپنی نمائیدگی کی۔ سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل نے تمام ٹیمز کی کارکردگی کے بارے میں اظہار خیال کیا۔

اس میٹنگ کے مہمان خصوصی ورکس مینجر محمد عمر مشتاق تھے۔ ورکس مینجر محمد عمر مشتاق نے تمام رفقائے کار کو سیفٹی کے اصولوں پر چلنے کی ہدایات کیں اور سال 2017-2018 کو انجری فری سال بنانے کا عہد لیا۔











# سیفٹی ویک 2017 (22 اگست تا 24 اگست)

رپورٹر: راجہ غلام اکبر، ٹریننگ آفیسر





کام سے پہلے کرلو تدبیر، پھر نہ کہنا تھی تقدیر

## سیفٹی کی طرف بڑھتا ہوا قدم

ہمارے سوڈا ایش بزنس میں ماہ اگست میں ہفتہ ٔسیفٹی منانے کا فیصلہ کیا گیا۔ کسی بھی کمپنی کے ملازمین کمپنی کا بہت بڑا سرمایہ ہوتے ہیں۔ اسی بنیاد پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی انتظامیہ اپنے ملازمین کے تحفظ کے لیے ہر لمحہ سرگرم رہتی ہے اور سیفٹی کے شعور کو مزید تقویت دینے کے لیے آئے دن سیفٹی ٹریننگ اور آگاہی کے پروگرام مرتب کرتی رہتی ہے۔ اس سیفٹی ویک کا بنیادی مقصد تمام سٹاف میں اپنی صحت اور حفاظت کے ساتھ ساتھ ماحول کی حفاظت کا بھی خیال رکھنے کی اہمیت پر زور دینا تھا کیونکہ ایچ ایس ای کا خیال رکھنا ہی ہمارے کام کرنے کا اجازت نامہ ہے۔ سوڈا ایش پلانٹ پر 22 اگست 2017 سے 24 اگست 2017 تک سیفٹی ویک اپنے روایتی جوش و جذبے سے منایا گیا۔

## سیفٹی ویک کا پہلا دن

اس ہفتہ کا آغاز تلاوت قرآن پاک ادا کرنے کے بعد ذاتی حفاظتی آلات کی نمائش سے ہوا جس کا باقاعدہ افتتاح ورکس منیجر محمد عمر مشتاق نے کیا۔ اس موقع پر سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل جمشید نے سیفٹی ویک کے پروگرامز اور مقاصد سے آگاہ کیا اور اس کے ساتھ ساتھ ورکس منیجر نے بھی سیفٹی ویک کی اہمیت کے بارے میں رفقائے کار سے اظہار خیال کیا اور اس بات پر زور دیا کہ ہم سب مل کر سوڈا ایش پلانٹ پر سیفٹی کا خاص خیال رکھیں گے۔ انھوں نے کہا کہ یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ نہ صرف ہم اپنے کام کی جگہ پر سیفٹی کا خیال رکھیں بلکہ اپنے گھروں اور اپنے اردگرد رہنے والوں کی سیفٹی کا بھی خیال رکھیں۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں کوئی بھی کام کرنے سے پہلے یہ ضرور سوچنا چاہیے کہ اس کام کے کرنے سے کہیں ماحول تو خراب نہیں ہوگا یا کسی کو تکلیف تو نہ ہوگی۔










ذاتی حفاظتی آلات اور فائر فائٹنگ کے آلات کی نمائش کے بعد ایچ ایس ای آگاہی واک کے لیے سب کو اکٹھا کیا گیا جس میں پلانٹ کے رفقائے کار، ایچ او ڈیز، ورکس منیجر محمد عمر مشتاق، سیفٹی منیجر رانا عدیل جمشید اور مینیجمنٹ سٹاف نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس سیفٹی آگاہی واک کی نمایاں بات واک میں مخصوص جگہ پر رک کر ایچ او ڈیز کی مختصر تقاریر تھیں جس میں انھوں نے اپنے اپنے ایریا کے خطرات اور ان سے بچاؤ پر لوگوں سے تبادلہ خیال کیا اور لوگوں سے عہد لیا کہ وہ ان خطرات سے بچنے کے لیے ذاتی حفاظتی آلات کا استعمال یقینی بنائیں گے۔

اس آگاہی واک کی ایک اور اہم بات یہ بھی تھی کہ اس میں دوران واک بہترین سلوگن کو نعروں کی شکل میں با آواز بلند کیا گیا جس میں سب سے اہم سلوگن یہ تھا

**'کام سے پہلے کرلو تدبیر**
**پھر نہ کہنا تھی تقدیر...!'**

اس آگاہی واک میں آئی ار آفیسر برکات حسین، پروڈکشن آفیسر تصدیق حسین اور ٹریننگ آفیسر راجہ غلام اکبر نے نمایاں کردار ادا کیا اور اس واک میں جوش و جذبے کو آخر تک نعروں کی شکل میں برقرار رکھا۔

آگاہی واک کے اختتام کے بعد ایک سوال ایک انعام کے پروگرام نے بڑی مقبولیت حاصل کی جس میں ورکس منیجر عمر مشتاق اور تمام ایچ او ڈیز نے شرکت کی اور لوگوں کو سوالات کے صحیح جوابات پر انعامات دیے۔

اس تقریب کے اختتام کے بعد اسی دن دوسرے ہاف میں محفوظ لوڈر ڈرائیونگ کا مقابلہ ہوا۔ جس میں پروجیکٹ اور ورکس کے ڈرائیورز نے شرکت کی اس مقابلہ کے جج صاحبان کی شکل میں ٹیکنیکل منیجر توفیق چیمہ اور سیکورٹی منیجر میجر فیصل شامل تھے اس مقابلہ میں ڈرائیورز نے مختلف سرگرمیوں میں حصہ لیا جس میں باکٹ کا بھرنا، خالی کرنا، ریورس ڈرائیونگ اور ڈرائیور کے صحیح گاڑی چلانے تک کو چیک کیا جارہا تھا اس مقابلے کے آخر میں











ٹیکنیکل منیجر توفیق چیمہ نے مقابلے میں جیتنے والوں کا اعلان کیا اور سب ڈرائیورز کی حوصلہ افزائی کی۔

## سیفٹی ویک کا دوسرا دن

رانا محمد عدیل جمشد نے بہترین سیفٹی عہد اور بہترین سیفٹی سلوگن کے بارے میں تمام شرکاء کو بتایا اور اس سیفٹی پر عہد لیا گیا جس پر تمام شرکاء نے دستخط کیے۔ سیفٹی ویک کے دوسرے دن سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے ٹریننگ سینٹر میں دو ورکشاپ کا بھی انعقاد کیا جس میں سوڈا ایش کے تمام رفقائے کار نے حصہ لیا۔ پہلے ورکشاپ میں ہیلتھ آگاہی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈاکٹر راشد نے ورزش کے فوائد کے بارے میں ایک سیشن کروایا جس کو تمام مینیجمنٹ اور رفقائے کار نے بہت پسند کیا۔

اس کے بعد دوسرا سیشن کارپوریٹ سیفٹی منیجر ظفر فرید نے سیفٹی کی اہمیت پر دیا اور تمام مینیجمنٹ سٹاف اور رفقائے کار کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے سیفٹی رپورٹنگ سسٹم اور سیفٹی کے سنہری اصولوں کے بارے میں بتایا اور اس بات کا پیغام دیا کہ ہمارے کام کرنے کا پروانہ سیفٹی ہے چنانچہ سیفٹی سب سے پہلے ہے۔ سیشن کے اختتام پر تمام ایریا منیجرز نے کارپوریٹ سیفٹی منیجر سے سوالات کیے جس پر انھیں جوابات دیے گئے اور وہ اس سیشن سے بہت متاثر ہوئے۔ آخر میں سیفٹی منیجر رانا عدیل جمشد نے کارپوریٹ سیفٹی منیجر ظفر فرید اور ڈاکٹر راشد کا شکریہ ادا کیا۔ اس سیفٹی ویک میں پروجیکٹ منیجر احسن عبدالقیوم اور حسان اقبال اور تمام پروجیکٹ ٹیمز نے بھرپور شرکت کی، انھوں نے پروجیکٹ سٹاف اور پروجیکٹ سائٹ پر سیفٹی سے متعلق سوال و جواب کے پروگرام کے ذریعے لوگوں میں انعامات تقسیم کیے۔










اس پروگرام کے بعد الکلی سپورٹس کلب گراؤنڈ میں آگ بجھانے کا عملی مظاہرہ کیا گیا جس کے مہمان خصوصی کارپوریٹ سیفٹی مینجر محمد ظفر فرید اور ورکس مینجر سوڈاایش محمد عمر مشتاق تھے اس مظاہرے میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈاایش بزنس کی فائر فائیٹنگ اور ریسکیو ٹیمز نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور اس بات کو ثابت کیا کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈ ایش بزنس کی فائر فائیٹنگ اور ریسکیو ٹیمز بزنس اور علاقہ بھر میں ہر قسم کی ہنگامی صورت حال سے نپٹنے کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ آخر میں محمد ظفر فرید نے تمام فائر فائٹرز کی کارکردگی کو سراہا اور سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کو اس پروگرام کی کامیابی پر مبارک باد دی۔ آگ بجھانے کے عملی مظاہرے اور پورے پروگرام کی کمنٹری کے فرائض آئی آر آفیسر چوہدری برکات حسین اور ٹرینگ آفیسر راجہ غلام اکبر نے نہایت اچھے انداز میں انجام دیے جس پر تمام شرکاء نے ان کو داد دی۔



## سیفٹی ویک کا تیسرا دن

سیفٹی ویک کے تیسرے دن کا آغاز ایک سوال ایک جواب کے پروگرام سے کیا گیا اور ساتھ ساتھ محفوظ سکیفولڈنگ کا مقابلہ بھی کروایا گیا جس میں پروجیکٹ اور ورکس کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ اس دن تمام ایچ او ڈیز نے اپنے اپنے ایریا میں جا کر رفقائے کار کو سیفٹی کی اہمیت کے بارے میں بتایا اور سوالات کر کے انعامات تقسیم کیے۔







اس سیفٹی ویک کا آخری مرحلہ جو شام تین بجے ایڈمن لان میں ہوا جس کو تقریب تقسیم انعامات کہا جاتا ہے۔ اس تقریب کا آغاز رانا محمد عدیل سیفٹی مینجر نے اپنی تقریر سے کیا جس میں انہوں نے تمام رفقائے کار کا سیفٹی ویک کو کامیاب بنانے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور اس سیفٹی ویک کے انتظامی امور کو سرانجام دینے والی ایڈوائزری کمیٹی کا بھی شکریہ ادا کیا اور اس کے بعد اس تقریب کے مہمان خصوصی محمد عمر مشتاق ورکس مینجر، کھیوڑہ، کو دعوت دی گئی جنھوں نے اپنی تقریر میں سیفٹی کے اصولوں کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ انہوں نے تمام شرکاء سے سال 2017-2018 کا ٹارگٹ زیرو انجری کا وعدہ لیا۔ انہوں نے اس پروگرام کی کامیابی پر سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم اور ایڈوائزری کمیٹی کی کوششوں کو سراہا اور اختتامی تقریب میں تمام جیتنے والے کو انعامات سے نوازہ۔ اس سیفٹی ویک 2016-2017 کے مقابلے میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر SIT-4 کی ٹیم نے ٹرافی حاصل کی۔ ٹرافی حاصل کرنے پر ٹیم کی خوشی دیدنی تھی۔







رانا محمد عدیل جمشید اس پورے ویک میں اپنی ٹیم اور ایڈوائزری کمیٹی کے ساتھ احسن طریقہ سے میٹنگز کو سرانجام دیا اور اس سیفٹی ویک کو منظّم طریقے سے پائے تکمیل تک پہنچانے میں ہر وقت ساتھ رہے۔ اس سیفٹی ویک کی سب سے خاص بات سیفٹی ڈیپارٹمنٹ ٹیم کی ایک ماہ کی انتھک محنت ہے جس کے لیے سیفٹی مینجر نے اپنی ٹیم اور تمام سٹاف کا شکریہ ادا کیا اور ان کی محنت کو سراہا۔ اس پورے سیفٹی ویک میں راجہ غلام اکبر ٹرینگ آفیسر نے سٹیج سیکرٹری کے فرائض انجام دیے۔

# تقریبِ تقسیم احرام

پولیسٹر بزنس میں سال 2017 کی حج کی قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے خوش نصیب حجاجِ کرام میں احرام تقسیم کرنے کے لئے مورخہ 27 جولائی 2017 بروز جمعرات ورکس کینٹین ہال میں ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی خالد محمود ورکس منیجر پولیسٹر بزنس، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ تھے۔

تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ کریم سے ہوا۔ اس کے بعد نعتِ رسولِ مقبول ﷺ بہت ہی خوش الحانی کے ساتھ پڑھی گئی اور حجاجِ کرام میں احرام تقسیم کئے گئے۔ اس موقع پر ورکس منیجر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے تمام عازمین حج کو مبارک باد دی اور انھیں تلقین کی کہ اپنی دعاؤں میں ملک کی سلامتی اور ادارے کی ترقی کیلئے بھی خصوصی طور پر دعاؤں کا درخواست کی۔



اس تقریب میں پولیسٹر بزنس کے یونین عہدیداران اور ورکرز نے بھر پور شرکت کی۔ آخر میں تمام ورکرز کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔

مندرجہ ذیل خوش نصیب حجاجِ کرام میں احرام تقسیم کئے گئے:

۱۔ شمیم احمد
۲۔ ارشد محمود
۳۔ محمد نثار رفیق
۴۔ محمد ندیم
۵۔ محمد اشفاق
۶۔ محمد ادریس
۷۔ عبدالرزاق






# مینگو پارٹی

غالب نے کیا خوب کہا تھا کہ آم ہوں اور بہت سارے ہوں۔ غالب کے دور میں چونسا آم نہیں تھا ورنہ وہ کہتے کہ بہت سارے ہوں اور صرف چونسا آم ہوں۔ اس وقت تو بنارس کا لنگڑا ہی مشہور تھا۔ آم کا موسم اور مینگو پارٹی کے بغیر گزر جائے یہ تو ہو ہی نہیں سکتا۔

پولیسٹر بزنس کی کینٹین مینیجنگ کمیٹی نے سابقہ روایات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس سال بھی اپنے اسٹاف کیلئے ورکس کینٹین ہال میں مینگو پارٹی کا اہتمام کیا۔ پولیسٹر پلانٹ کے Continue Process کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کینٹین مینیجنگ کمیٹی نے مینگو پارٹی کو اس طرح ترتیب دیا کہ پلانٹ کی پروڈکشن متاثر نہ ہو اور چاروں شفٹ گروپ/جنرل شفٹ کے زیادہ سے زیادہ لوگ اس مینگو پارٹی میں شامل ہوسکیں۔

مینگو پارٹی کو دو مختلف دنوں میں ترتیب دیا گیا۔ تمام شفٹ گروپ/جنرل شفٹ اسٹاف نے دیئے گئے شیڈول کے مطابق مینگو پارٹی میں شرکت کی اور خوب لطف اندوز ہوئے۔ جہاں آم کھانے کا ذکر ہو وہاں لسی نہ ہو یہ کیسے ممکن ہے۔ لہٰذا کینٹین مینیجنگ کمیٹی نے اسٹاف کیلئے آم کے ساتھ لسی کا بھی اہتمام کیا۔












# اسلام آباد کا تفریحی دورہ



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر بزنس نے حسبِ روایت اس سال بھی پلانٹ ورکرز کیلئے تفریحی کا اہتمام کیا۔اس مرتبہ اسلام آباد میں پاکستان مونومنٹ ، لیک ویو پارک، دامنِ کوہ اور شاہ فیصل مسجد کا انتخاب کیا گیا۔ دورے کا مقصد روز مرہ کے کام کی مصروفیت سے ہٹ کر کسی خوشگوار جگہ پر ورکرز میں گپ شپ کے ساتھ دوستانہ ماحول کو مزید پروان چڑھانا بھی تھا۔اس دورے میں لوگوں کی دلچسپی ان کی شمولیت سے لگائی جاسکتی ہے۔

ورکرز کی بھر پور شمولیت اور اس پروگرام کو بہتر طریقے سے انجام دینے کیلئے چار گروپس میں تقسیم کیا گیا۔تا کہ ہر گروپ اپنے اپنے ریسٹ والے دن اس تفریح کو انجوائے کر سکے اور پلانٹ آپریشن بھی متاثر نہ ہو۔دورے کا آغاز پولیسٹر پلانٹ پر صبح ناشتے سے کیا گیا۔ اس کے بعد صبح 07:30 بجے دو کوسٹرز بذریعہ موٹر وے اسلام آباد پاکستان مونومنٹ پہنچیں۔ وہاں پر تمام دوستوں کی کولڈ ڈرنک اور دیگر لوازمات سے تواضع کی گئی۔

پاکستان مونومنٹ کی سیر اور میوزیم دیکھا اس کے بعد لیک ویو پارک روانہ ہوگئے۔ وہاں پہنچ کر دوپہر 2 بجے کھانا کھایا۔کھانا وہاں پر خود تیار کیا گیا جو کہ بہت لذیذ تھا اور دوستوں نے پیٹ بھر کر کھانا کھایا۔کھانے کے بعد لیک ویو پارک اور وہاں پر کشتی میں جھیل کی سیر بھی کی۔اس کے بعد 5 بجے سہ پہر دامنِ کوہ روانہ ہو گئے۔ وہاں پہنچ کر کشمیری چائے بھی پیش کی گئی جو کہ خود تیار کی گئی تھی اور چائے پینے کے بعد دامنِ کوہ کی سیر کی گئی اور وہاں سے 7 بجے شام کو فیصل مسجد روانہ ہوگئے وہاں پہنچ کر عشاء کی نماز با جماعت ادا کی گئی اور دوستوں نے مسجد کی سیر کی اور رات 9 بجے شیخوپورہ کیلئے روانہ ہوئے۔راستے میں بھیرہ انٹرچینج پر قیام کیا اور کھانا تیار کیا اور کھانا کھانے کے بعد واپسی کیلئے روانہ ہوئے۔

تمام سپورٹس ممبران اور یونین آفیشلز نے تمام پروگرامز کو احسن طریقے سے انجام دینے کیلئے بھرپور تعاون کیا۔کمپنی ،سپورٹس کلب اور یونین کی کاوش کو ورکرز نے بہت سراہا اور امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی اس طرح ورکرز کو تفریح کے مواقع فراہم ہوں گے۔























# مینگو پارٹی

آموں کا موسم ہو اور آم نہ کھائے جائیں یہ ممکن نہیں اور جب بات مینگو پارٹی کی ہو تو اس کا تو لطف ہی الگ ہے۔ ہمارے لائف سائنسز بزنس نے اپنی تمام لوکیشنز پر مینگو پارٹی کا انعقاد کیا۔ اس پارٹی میں بڑے دلچسپ مقابلے اور فوٹو بوتھ بنائے گئے تھے تاکہ اس پارٹی کو ایک یادگار کے طور پر یاد رکھا جائے۔ درج ذیل میں لائف سائنسز کی مینگو پارٹی کی تصویری جھلکیاں آپ کی خدمت میں پیش ہیں۔

ہیڈ آفس، کراچی۔







حیدر آباد آفس۔







مزنگ آفس، لاہور۔









فیصل آباد آفس۔



سکھر آفس ۔







اسلام آباد آفس۔





پشاور آفس۔



ملتان اور ساہیوال آفس۔





سرن فارما، اسلام آباد۔





لائف سائنسز

# سمتھ اینڈ نیفیو (Smith & Nephew) روڈ شو

رپورٹ: صبیح سمیع صدیقی، گریجویٹ ریکروٹ، فارماسیوٹیکلز









فارماسیوٹیکل اسپیشلٹی ٹیم نے حال ہی میں ملک بھر میں سمتھ اینڈ نیفیو ایڈوانس وونڈ کیئر پروڈکٹس کے روڈ شو منعقد کئے جن کا مقصد پاکستان کے ڈاکٹروں کو زخموں کے علاج میں جدید پیش رفت کے بارے میں آگہی فراہم کرنا تھا۔ ٹیم نے ان روڈ شوز کے لئے وونڈ کیئر کی بین الاقوامی ماہر مس کیتھرین اسٹیئر کی میزبانی پر دلی مسرت کا اظہار کیا۔

اس سلسلے کا آغاز اسلام آباد میں پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (PIMS) کے برنز سینٹر کے دورے سے ہوا۔ جہاں مختلف شعبوں کے دورے کے بعد ٹیم نے S&N پروڈکٹس کے استعمال اور اس کی خوبیوں کے بارے میں ایک عملی مظاہرہ پیش کیا اور جلنے کے زخموں کے علاج کیلئے ان کے استعمال پر زور دیا۔ ان پریزینٹیشنز میں ٹیم کو ڈاکٹروں کے ساتھ گفتگو کا بھرپور موقع ملا اور ڈاکٹرز نے ان پروڈکٹس میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس کے بعد پروگرام کے مطابق PIMS کے پلاسٹک سرجری سینٹر میں اسی نوعیت کی ایک معلوماتی نشست منعقد کی گئی۔ اس کے بعد علی میڈیکل سینٹر میں اس روڈ شو کا اہتمام کیا گیا جہاں سامعین میں کئی اسپیشلسٹ بھی شامل تھے جن کے ساتھ زخموں کے علاج سے متعلق تفصیلی گفتگو ہوئی۔

روڈ شو کے اختتامی دورے کراچی کے بڑے طبی اداروں میں ہوئے۔ ان میں سب سے پہلے پٹیل ہسپتال میں پلاسٹک سرجری کے شعبہ اور اس کے بعد بقائی انسٹی ٹیوٹ آف ڈائبیا ٹولوجی اینڈ انڈرکرینالوجی (BIDE) میں ڈائبیٹک فوٹ سینٹر کے شعبہ کا دورہ کیا گیا۔ روڈ شو کا اختتام آغا خان یونیورسٹی کے پلاسٹک سرجری کے شعبہ پر ہوا۔ ان دوروں میں BIDE میں ڈائبیٹک فٹ سینٹر میں خاص طور پر زبردست پذیرائی ملی۔ جہاں ڈاکٹر زاہد میاں اور سیف الحق نے مس سٹیئر کے ساتھ ایک موجود کیس پر گفت وشنید کی۔ اسلام آباد کے ڈاکٹروں کی طرح کراچی میں بھی ڈاکٹروں نے زخموں کے علاج کی جدید ٹیکنالوجی اور اس کے فروغ کے لئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی کاوشوں کو سراہا۔

# وائتھ پاکستان کی افتتاحی تقریب










آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے وائتھ پاکستان لمیٹڈ اور فائزر پاکستان لمیٹڈ کے ساتھ ان کے مخصوص اثاثہ جات کی خریداری کے ایک معاہدے پر عمل درآمد کی کارروائی کو پائیۂ تکمیل تک پہنچایا۔ اس معاہدے کے تحت ہاکس بے روڈ سائٹ کراچی پر واقع وائتھ پاکستان لمیٹڈ کی ملکیتی فارماسیوٹیکل مینوفیکچرنگ فیسلیٹی اور اس کی پروڈکٹس مع رجسٹریشن اور درج ذیل مشہور و معروف برانڈز کی تیاری اور فروخت کے تمام حقوق آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو حاصل ہو گئے ہیں۔

Entox-P, Lederplex, Lederrif, Mucaine, Nilstat, TriHEMIC & Wymox.

اس خریداری میں فائزر پاکستان لمیٹڈ کی دو پروڈکٹس Citralka اور Combantrin اور ان کی رجسٹریشن کی خریداری بھی شامل ہے اس سلسلے میں 15 اگست 2017 کو وائتھ کے پلانٹ پر ایک افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ اس کے آغاز میں صنم اختر خان، ایچ آر منیجر۔ لائف سائنسز نے وائتھ کے افراد سے خطاب کیا۔ اس کے بعد لائف سائنسز کے وائس پریزیڈنٹ سمیع کاشمیری نے تمام افراد کو خوش آمدید کہا اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا جھنڈا بھی لہرایا۔ شرکاء کیلئے کیفے ٹیریا میں ناشتہ کا اہتمام کیا گیا تھا جہاں سب آپس میں گھل مل گئے اور تبادلہ خیال کیا۔ تقریب کے آخر میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ضابطہ اخلاق اور صحت، تحفظ اور آگہی کے بارے میں بالترتیب صنم اے خان اور ہارون ملک، سپلائی چین منیجر نے پریزینٹیشنز دیں۔

# سرن پلانٹ اور ہیڈ آفس کیلئے پی اینڈ ڈی ڈی (P&DD) ٹریننگ

رپورٹ: منصور خان۔ٹیم لیڈ ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ

پی اینڈ ڈی ڈی (P&DD) یعنی پرفارمنس اینڈ ڈویلپمنٹ ڈسکشن ایک ایسا بامعنی مگر نتیجہ خیز نظام ہے جس کے تحت آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں کام کرنے والے تمام ملازمین نا صرف اپنی کارکردگی اور ترقی کی منصوبہ بندی خود کرتے ہیں بلکہ ایک مربوط اور مروج نظام کے تحت اس میں آنے والے تمام مراحل کی بخوبی انجام دہی کے خود کو ذمہ دار بھی سمجھتے ہیں۔ یہ بہرحال کسی بھی صورت یکطرفہ عمل نہیں۔ اس میں دو یا بہت سے فریقین ایک دوسرے کے ساتھ ہر وقت ڈائیلاگ یا مشترکہ گفتگو میں مصروف رہتے ہیں جس کا اہم ترین مقصد ادارہ جاتی ترقی تو بہرصورت ہے ہی مگر اس سے بھی کئی قدم آگے بڑھ کر فرد کی انفرادی پیشہ ورانہ بہتری بھی ہے۔ یہ سب کے لئے ایک منفرد تجربہ ہے جس میں سب بڑی خوبصورتی اس نظام کی ہر ہر مرحلے پر پائی جانے والی شفافیت ہے خاص طور پر سال کے اختتام پر ہونے والی مختلف درجوں کی متعلقہ انتظامیہ کے درمیان ہونے والی کیلیبریشن میٹنگز جیسے اقدامات کے باوجود ملازمین کے مطمئن نہ ہونے کی صورت میں ان کی دادرسی کا اپیل کی صورت میں پورا پورا انتظام کیا گیا ہے۔

حال ہی میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی طرف سے اپنے گروپ میں شامل کی گئی سرن فارماسیوٹیکلز کے ساتھیوں کو بھی مرحلہ وار اس پی اینڈ ڈی ڈی (P&DD) نظام میں لانے کے لئے کوششیں شروع کی گئیں۔ اور اس سلسلے میں ایک روزہ جامع ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا جو ہیڈ آفس اور پلانٹ کے ساتھیوں کے لئے دو مختلف گروپس میں الگ الگ دن رکھی گئی، جس میں چیدہ چیدہ منتخب لوگوں کو مدعو کیا گیا۔ 7 اور 8 ستمبر 2017 کے دن مختص کئے گئے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ہیڈ آفس کراچی سے چار رکنی ٹیم اس سلسلے میں یہاں آئی۔ اس ٹیم میں شامل لوگوں میں عاقل کریم، صنم احمر خان، سیمل طارق اور سہیل طارق تھے جو اپنے اپنے شعبوں کی نمائندگی کرتے ہوئے اپنی اپنی طے شدہ ذمہ داریاں نہایت احسن انداز میں نبھاتے رہے۔ اس سلسلے میں شرکاء کی مدد مطبوعہ رہنما تربیتی کتابچوں سے بھی گئی اور مختلف انداز میں بنائی گئی پریزینٹیشنز سے بھی مدد لی گئی۔

ٹریننگ کے دونوں دن بہت دلچسپ تھے۔ تمام شرکاء نے بہت انہماک سے سیکھنے اور سسٹم کو سمجھنے کے عمل میں حصہ لیا اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ہیڈ آفس سے آئی ہوئی ٹیم سے انفرادی اور اجتماعی سوالات کئے اور تسلی بخش جوابات سے اطمینان حاصل کیا۔

ٹریننگ کا مرکزی نقطہ تمام تر حاضرین کا سسٹم کو مکمل طور پر سمجھنے کی یقین دہانی کا حصول تھا۔ سیشن میں مختلف طرح کی برین سٹارمنگ کی مشق اور مہارت کا مظاہرہ بھی کیا گیا جس کی وجہ سے شامل لوگوں کی توجہ اور زیادہ مرکوز ہوگئی۔









بلاشبہ یہ سب ایک نہایت کارآمد کوشش تھی جس کی مدد سے سب کو ایک دوسرے کے اور قریب ہونے کا موقع ملا خصوصاً سرن فارماسیوٹیکلز کے ان لوگوں کو جو درجہ بدرجہ تبدیلی کے مرحلوں سے گزر رہے ہیں اور جن کو آئی سی آئی پاکستان کے کام کرنے کے طریقہ کار اور اس کے طرز زندگی سے ایک نہایت خوشگوار انداز میں واقفیت حاصل ہوتی جارہی ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سے منسلک لوگوں کا اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا آپس میں تعلق بھی نہایت سرعت کے ساتھ مضبوط سے مضبوط ہوتا جارہا ہے۔ اور اس بات کی بھرپور اُمید کی جاسکتی ہے کہ اس طرح کی مستقبل قریب میں کی جانے والے کاوشیں اس تعلق کو مزید پائیدار اور مضبوط بنائیں گی جس کا بجا طور پر مثبت اثر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں کرنے والے دوستوں اور ان کی زندگیوں بتدریج بہتری آنے تک بخوبی محسوس کیا جاتا رہے گا۔

# پی اینڈ ڈی ڈی (P&DD) ٹریننگ فیلڈ فورس

رپورٹ: منصور خان۔ ٹیم لیڈر ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ

ہیڈ آفس اور پلانٹ کے ساتھیوں کی پی اینڈ ڈی ڈی (P&DD) ٹریننگ کے بعد اگلا اہم مرحلہ پاکستان کے طول و عرض پر پھیلے ہمارے فیلڈ فورس کے ساتھیوں کی ٹریننگ تھی۔ مینجمنٹ سٹاف میں فیلڈ فورس تعداد کے حساب سے بہت نمایاں ہے اور ادارے میں کردار اور کارکردگی کے لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو سرن کی تقابلی مارکیٹ میں کاروباری حیثیت منوانے میں اس کی اہمیت نہایت اہم ہے۔ ادارے کی کسی قسم کی سٹریٹیجک پالیسی کا صحیح معنوں میں اطلاق اور نفاذ صرف اسی وقت با آور ہوسکتا ہے جب فیلڈ فورس کے ممبر بھی اس کو پوری طرح سمجھ لیں اور اس پر عملدرآمد شروع کریں۔

نہایت قلیل وقت میں پورے پاکستان کی فیلڈ فورس کو مختلف منتخب مقامات پر جمع کرکے پی اینڈ ڈی ڈی (P&DD) کی ٹریننگ دینا بذات خود ایک بڑا چیلنج اور دشوار مرحلہ تھا۔ اس سلسلے میں پورے پاکستان میں سات سینٹرز بنائے گئے۔ ان سینٹرز میں اسلام آباد، فیصل آباد، لاہور، ملتان، پشاور، کراچی اور سکھر شامل تھے۔

سب سے پہلے سرن ہیڈ آفس اسلام آباد میں پی اینڈ ڈی ڈی (P&DD) ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا جس میں راولپنڈی، اسلام آباد، مظفر آباد اور ایبٹ آباد کے ساتھیوں نے شرکت کی۔ یہ پہلا سیشن تھا جس میں نیشنل سیلز منیجر ہاپسی کیئر عمران راؤ بھی ہمراہ تھے۔ ٹریننگ کو ضرورت کے حساب سے دو حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ ایک تفصیلی حصہ پی اینڈ ڈی ڈی (P&DD) کا تعارف





اور اس کے اطلاق کی جزئیات پر مشتمل تھا اور اس میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی پانچ نمایاں رہنما اقدار کی روشنی میں اہداف کے تعین اور ان کے کامیاب حصول کی منصوبہ بندی بھی شامل تھی جبکہ دوسرا حصہ اس سسٹم کی عملی یعنی پریکٹیکل ٹریننگ پر مشتمل تھا۔ یعنی اسی وقت کرکے سیکھنا نہ کہ ابھی سمجھ کر کسی اور وقت پر اٹھا رکھنا۔

پہلا حصہ میرے یعنی منصور خان کی ذمہ داری تھا جس میں خرم عزیز نے میری معاونت کی جبکہ دوسرا حصہ جو کہ لائیو واک تھرو کے نام سے تھا اس میں خرم عزیز کی میں نے معاونت کی۔ اس طرح حاضرین کی توجہ اور دلچسپی موضوع میں آخر وقت تک برقرار رہی۔

ہیڈ آفس اسلام آباد میں ٹریننگ کے بعد ہماری اگلی منزل فیصل آباد تھی۔ جہاں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے مقامی دفتر میں ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا جس میں فیصل آباد، سرگودھا، جھنگ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ساتھی شامل تھے۔ گوکہ ہال میں گوناگوں وجوہات کی بنا پر جگہ کی تنگی درپیش تھی مگر اس کے باوجود حاضرین دلجمعی سے ٹریننگ میں شریک رہے اور اپنی آراء اور خیالات کے بروقت اظہار سے تربیتی سیشن کو دلچسپ بناتے رہے۔ (یہ نقطہ ذہن نشین رکھیئے کہ فیصل آباد اپنے لوگوں کی برجستگی اور حاضر جوابی کی وجہ سے پوری دنیا میں مشہور ہے۔)

فیصل آباد کے بعد ہماری اگلی منزل لاہور تھی۔ لاہور میں ٹریننگ ایمبسیڈر ہوٹل میں رکھی گئی۔ لاہور کے اس سیشن میں ہمارے ساتھ کہنہ مشق چوہدری عبیدالرحمان (ہیڈ آف سیلز) اور باغ و بہار شخصیت کے مالک عمران بٹ نیشنل سیلز منیجر پلو کیئر بھی تھے۔ لاہور کی ٹریننگ میں ساہیوال اور اوکاڑہ کے ساتھی بھی شامل تھے۔ تربیتی سیشن توقعات کے عین مطابق دونوں شخصیات کی بدولت نہایت کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔

اسی شام ہماری ملتان روانگی تھی اگلے دن کی ٹریننگ کے لئے۔ جو بہرحال ٹرین کے ذریعے ایک دلچسپ اور پرتجسس سفر ثابت ہوا۔



جس میں ہمیں تقریباً بھاگتے بھاگتے ٹرین میں سوار ہونا پڑا۔ ملتان ہم رات گئے پہنچے۔ ملتان شہر کو بہت سی وجوہات کی بنا پر تاریخی اہمیت حاصل ہے جس میں بلاشبہ ایک اس کی ناقابل بیان گرمی بھی ہے۔ ملتان میں بھی آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے مقامی آفس میں ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا۔ اس ٹریننگ سیشن میں بہاولپور، ملتان، ڈیرہ غازی خان، بہاولنگر، لیہ اور رحیم یار خان کے ساتھی شامل تھے۔ شام کو بذریعہ پی آئی اے ملتان سے اسلام آباد واپسی ہوئی۔

اگلے دن ہمارے پلان کے حساب سے پشاور کی باری تھی۔ پشاور کے لئے ہم صبح صبح روانہ ہوئے۔ پشاور میں بھی ٹریننگ کا اہتمام آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے مقامی دفتر میں کیا گیا تھا۔ جہاں مقامی سٹاف کی مہمان نوازی اور مستعدی بلاشبہ لائق تعریف تھی۔ یہاں ہمارے ساتھ مردان، پشاور، ڈیرہ اسماعیل خان، سوات، بنوں اور کوہاٹ کے ساتھی تھے۔ یہاں بھی ہر چیز طے شدہ پروگرام کے مطابق ہوئی۔ ٹریننگ کے ساتھ ساتھ پشاور کے روایتی پرلطف کھانوں سے بھی لطف اندوز ہوئے۔

اب اگلی منزل اگلے دن کراچی تھی جہاں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ہیڈ آفس کراچی میں ٹریننگ سیشن کا انتظام کیا گیا۔ صبح چھ بجے کی فلائٹ سے کراچی پہنچے۔ ایئرپورٹ سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ہیڈ آفس پہنچے۔ طے شدہ وقت پر ٹریننگ شروع ہوئی۔ اس سیشن میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ہیڈ آفس کی ٹیم جس میں زویا اسد، سیمل طارق اور ذیشان نے عملی طور پر کئی قدم آگے بڑھ کر ہماری معاونت کی۔ ہیڈ آفس کے کچھ خواتین وحضرات سے سرراہ مختصر گفتگو ہوئی اور اس مختصر تبادلہ خیال سے بھی بہت مزہ آیا۔ کراچی کی ٹریننگ میں کراچی، حیدرآباد، میرپور خاص، نواب شاہ اور ٹھٹھہ کے کولیگز شامل تھے۔ شام میں بذریعہ قراقرم ایکسپریس روہڑی روانگی ہوئی۔ رات گئے روہڑی جنکشن سے متصل سکھر شہر میں



پہنچے۔ اگلی صبح سکھر کے سینٹر میں ٹریننگ سیشن تھا۔ وہاں کے ایک نمایاں مقامی گیسٹ ہاؤس میں ٹریننگ سیشن منعقد کیا گیا۔ اس سیشن میں سکھر، جیکب آباد، دادو اور لاڑکانہ کے ساتھی شامل تھے۔ اگلے دن صبح نو بج کر چالیس منٹ بذریعہ پی آئی اے اسلام آباد واپسی ہوئی۔ یوں نہایت قلیل عرصہ میں نہ صرف پورے پاکستان کی فیلڈ فورس کی پی اینڈ ڈی ڈی (P&DD) کی ٹریننگ بھی مکمل ہوئی بلکہ 29 ستمبر کی حتمی آخری تاریخ تک سب نے اسے سسٹم پر مکمل کرکے اس کام کو پایۂ تکمیل تک بھی پہنچا دیا۔

انیمل ہیلتھ ڈویژن

# مروو(Mervue) لیبارٹریز کی ٹیم کے ساتھ مارکیٹ کا دورہ اور ٹیکنیکل ٹریننگ

رپورٹ: ڈاکٹر طٰہٰ ندیم



پولٹری کے شعبہ کی مارکیٹنگ ٹیم نے مروو لیبارٹریز کے اشتراک سے ایک تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا۔ یہ ٹیکنیکل اجلاس 14 اور 15 اگست 2017 کو پرل کونٹی نینٹل ہوٹل لاہور میں منعقد ہوئے۔ پہلے روز مروو لیبارٹریز کے ڈاکٹر ڈین سٹیوآن ، وٹرنری ٹیکنیکل سپورٹ منیجر نے بگ برڈ برائلر پروڈکشن منیجر ڈاکٹر اشفاق، یوڈی ایل(UVAS) کے دو ممبران ڈاکٹر عامر غفور اور ڈاکٹر عرفان کے علاوہ ڈاکٹر امان اللہ نیازی کے ساتھ الگ الگ پروڈکٹس اور ان کے مصدقہ نتائج کے بارے میں گفت وشنید کی۔

دوسرے روز سیلز ٹیم کے ساتھ ٹیکنیکل ٹریننگ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ریجنل سیلز منیجرز، ایریا منیجرز اور ٹیکنیکل منیجرز نے شرکت کی۔ مروو لیبارٹریز کے ٹیکنیکل ڈائریکٹر مارٹن بیئرن (Martin Beirne) نے مختصر طور پر مروو لیبارٹریز کا عمومی جائزہ پیش کیا اور ان ہی پروڈکٹس کی غذائیت ، اپنی بنیادی خصوصیات کی نمایاں باتوں، پیداواری گنجائش اور کوالٹی کنٹرول کے بارے میں بتایا۔

مروو لیبارٹریز کے وٹرنری ٹیکنیکل سپورٹ منیجر ڈاکٹر ڈین سٹیوآن نے مزید ہیپاٹو بوسٹر، سیلینو بوسٹر، ریسپیر ون اینڈ آن۔ گارڈ کی منفرد خصوصیات اور فروخت کے بنیادی نکات بیان کئے۔ انہوں نے جدید پروڈکٹس جیسے Lactigrow اور GrowForte کی خصوصیات بیان کیں اور دوسری دواؤں کے مقابلے میں ان کی افادیت واضح کی۔ اجلاس کے اختتام پر مروو کی پوری ٹیم کو تحائف اور دیگر ٹیکنیکل میٹریل پیش کئے گئے۔

اگلے دن آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اینیمل ہیلتھ ڈویژن کی پولٹری ٹیم نے مروو لیبارٹیز کی ٹیکنیکل ٹیم کے ساتھ مل کر لاہور میں صارفین سے ملاقات کیلئے دورے کا اہتمام کیا۔ ٹیم نے اس دورے میں ڈاکٹر آصف (پروڈکشن منیجر ، اولمپیا پولٹری فارمز)، ڈاکٹر جاوید اقبال اور ڈاکٹر سعود (پروڈکشن منیجر ، صابرز پولٹری بریڈر اینڈ برائلر اور ایک بڑے برائلر فارمر ڈاکٹر ظفر ریاض سے ملاقات کی۔ گفتگو کے دوران میں نیوٹریشنل اور بائیو پروبایوٹکس سے متعلق خصوصی طور پر بات چیت ہوئی۔ ٹیم نے کمالِ مہارت سے نیوٹراسیوٹیکل پروڈکٹس کے موثر ہونے اور مصدقہ نتائج کے علاوہ اس کے استعمال کے بڑھتے ہوئے رجحان کو تفصیلی طور پر بیان کیا۔ جس کے نتیجے میں ہمارے کلائنٹس کے خدشات دور کرنے میں مدد ملی اور پروڈکٹ استعمال کرنے کیلئے ان کی حوصلہ افزائی ہوئی۔

مجموعی طور پر یہ تربیتی اجلاس اور صارفین سے ملاقات کے دورے ہماری سیلز ٹیم اور صارفین دونوں کیلئے بہت اہم اور فائدہ مند ثابت ہوئے۔ ان سے صارفین کے ذہن میں مروو لیبارٹریز کی جدید پروڈکٹس کا تصور پوری طرح واضح ہو گیا جس کے نتیجے میں صارفین کے ساتھ تعلقات کو مزید تقویت حاصل ہوئی۔

---

انیمل ہیلتھ ڈویژن

# (سائیلج) کے بارے میں تربیت

گزشتہ دنوں ایگری ڈویژن سے Silage کی انیمل ہیلتھ ڈویژن کو کامیابی کے ساتھ منتقلی کے بعد سیلز ٹیم کو پروڈکٹ کے بارے میں تیکنیکی مہارت سے آگہی فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ جب کہ ٹیم اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے اور اچھے نتائج فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔



کمرشل ڈیری ٹیم کی تیکنیکی معلومات میں اضافہ کیلئے ڈاکٹر عبدالمنان (پروڈکٹ منیجر) کی جانب سے علاقائی دفاتر میں تربیتی پروگراموں کا اہتمام کیا گیا۔ یہ تربیتی پروگرام پشاور، اسلام آباد، گوجرانوالہ، فیصل آباد، لاہور، ملتان، سکھر، حیدرآباد اور کراچی میں منعقد ہوئے۔ ان پروگراموں میں کمرشل ٹیموں کے 97 ممبران نے شرکت کی۔ ان پروگراموں کے ایجنڈے میں جانوروں کی خشک غذا کی بنیاد پر ڈیری کے راشن کا حساب لگانے کا مختصر منصوبہ بھی شامل تھا۔ اس کے علاوہ تفصیلی پریزنٹیشنز بھی دی گئیں جن میں روزانہ کی ضروریات اور روزانہ کے راشن کو متوازن کرنے کے علاوہ Silage کا تعارف، اس کی پروسیسنگ اور اس کی غذائی اہمیت کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ جانوروں کی صحت پر اس کے اثرات اور ہرے چارے اور Silage کی قیمت کے فرق کا موازنہ بھی پیش کیا گیا۔ تربیت کے بعد ان کے نتائج کی جانچ کیلئے مشقیں بھی کی گئیں۔ آخر میں ٹیم نے کمرشل ٹیم کے استفسارات کے بھی جواب دیئے۔

اینمل ہیلتھ ڈویژن

# آنتوں کے مضبوط نظام اور غذائیت کے موضوع پر سیمپوزیم

رپورٹ: ڈاکٹر طٰہٰ ندیم



اینمل ہیلتھ ڈویژن کے پولٹری کے شعبہ نے "آنتوں کے مضبوط نظام اور غذائیت کے بارے میں سیمپوزیم" کے عنوان سے لبنان میں ہونے والے سمپوزیم میں شرکت کی جس کا اہتمام ایلانکو (Elanco) نے کیا تھا۔ایلانکو ایک بین الاقوامی فارماسیوٹیکل کمپنی ہے جو جانوروں کی صحت کے کاروبار میں دنیا میں تیسرے نمبر پر ہے۔ایلانکو نے پاکستان سے 26اہم پروڈکشن منیجرز اور کنسلٹنٹس کو شرکت کی دعوت دی تھی۔ بزنس منیجر صبور احمد، نیشنل سیلز منیجر ڈاکٹر انوار الحق اور پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر رضوان افضل نے اس سمپوزیم میں شرکت کی۔

اس دوروزہ سمپوزیم میں بہت دلچسپ معلومات کا تبادلہ ہوا اور پولٹری کی غذائیت کے جدید ترین رجحانات سے آگہی حاصل ہوئی۔اس میں دنیا بھر سے غذائیت اور پولٹری کی پیداوار سے متعلق ماہرین نے اپنے علم اور تجربات سے حاضرین کو مستفید کیا۔اس کے علاوہ مرغیوں کی آنتوں کی بیماریوں (Coccidiosis & Intestinal disease)اور خامرہ (Enzyme) کے استعمال اور مرغیوں کیلئے جدید enzymes کے بارے میں مفید اور کارآمد گفت وشنید ہوئی۔

پہلے روز جناب کارل پولسن(Karl Poulsen) ریجنل نیوٹریشنل کنسلٹنٹ ایلانکو نے خصوصی طور پر مرغیوں کی غذائیت کے لئے enzymes کے استعمال پر گفتگو کی جس کے بعد Hemicell کے استعمال اوراس کے فوائد پر باہمی گفت وشنید کی گئی۔ ڈاکٹر محمد طلال فران، پولٹری نیوٹریشن کے ماہر نے مرغیوں کی نسل کشی کیلئے Hemicell کی اہمیت کو واضح کیا۔آخر میں ڈاکٹر ایلس ڈرایجر(Ellis Draaijer) سینئر ٹیکنیکل کنسلٹنٹ اور ڈاکٹر توماز کوئیت کاؤسکی(Tomasz Kwiatkowski) EKS منیجر، پولٹری مارکیٹنگ نے آنتوں کی مضبوطی اوراس میں Narasin کے کردار پر مفید معلومات بہم پہنچائیں۔

سمپوزیم کے دوسرے دن مرغیوں میں آنتوں کی بیماریوں (Necrotic enteritis and Coccidiosis) کے سلسلے میں احتیاطی تدابیر اور عمومی علاج کے مقابلے میں برانڈز کے استعمال کے کم خرچ اور زیادہ منافع بخش ہونے پر بات چیت ہوئی۔اس اجلاس میں ڈاکٹر احمد شافعی (ٹیکنیکل کنسلٹنٹ)، ڈاکٹر وسیم الخطیب (ٹیکنیکل کنسلٹنٹ مشرق وسطیٰ) اور جناب رمزی عیسیٰ (مارکیٹنگ منیجر، مشرق وسطیٰ) نے بھی اپنی قیمتی آراء سے شرکاہ کو آگاہ کیا۔

مجموعی طور پر یہ سمپوزیم ہمارے شرکاء اور صارفین کیلئے انتہائی معلومات افزا تھا جس میں ان کو پولٹری کی غذائیت اور ان کی آنتوں کی مضبوطی سے متعلق جدید ترین اور تازہ ترین معلومات حاصل ہوئیں۔اس کے علاوہ پولٹری کی منفعت اور معیشت کو سمجھنے کے بعد ان کو مارکیٹ میں مقابلے کے نئے طریقوں کے بارے میں غوروخوض کرنے کا موقع ملا۔ جوکہ ہمارے پولٹری فارمرز کیلئے نہایت فائدہ مند ثابت ہوگا۔

اینمل ہیلتھ ڈویژن

# انفارم نیوٹریشن کی تربیتی نشست

رپورٹ: عبدالمنان

انفارم نیوٹریشن مردوو(Mervue) کمپنی کا ایک ذیلی ادارہ ہے۔ان کی ٹیکنیکل ٹیم نے گزشتہ دنوں پاکستان کا دورہ کیا۔اس دورے کا مقصد آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اینیمل ہیلتھ کی ٹیکنیکل ٹیم کو تربیت دینا اور پروڈکٹ کے بارے میں نئی معلومات کا تبادلہ کرنا تھا۔اس تربیتی نشت میں 8 ریجنل سیلز منیجر، 3 ٹیریٹری مینجرز اور 6 ٹیریٹری سیلز آفیسرز نے شرکت کی۔

اس تربیتی نشست میں (Inform Nutrition) کی پاکستانی مارکیٹ میں پیش کی جانے والی پروڈکٹس کے بارے میں تیکنیکی معلومات فراہم کی گئیں۔انفارم نیوٹر یشن کمپنی مروو (Mervue) لیبارٹریز کے ٹیکنیکل ڈائریکٹر جناب مارٹن بیئرن (Martin Beirne) نے کمپنی کا مختصر تعارف اور اس میں دستیاب سہولتوں کا مختصر احوال پیش کیا۔اس کے بعد مروو لیبارٹریز کے ویٹرنری ٹیکنیکل سپورٹ منیجر ڈاکٹر ڈان سنٹیوان (Dan Sinteoan) نے Rumen Booster، Ketovit، Powerlyte اور Ruminoantacid سے متعلق تربیت فراہم کی۔یہ دوطرفہ نشست تھی جس میں ٹیم کی جانب سے پروڈکٹ کے مختلف پہلوؤں سے متعلق سوالات کئے گئے۔

مجموعی طور پر یہ پروگرام نہایت مفید رہا جس میں ایک ہی پلیٹ فارم پر سیلز ٹیم اور (انفارم نیوٹریشن) کی ٹیم کو آپس میں گفت وشنید کا موقع ملا اور انہوں نے موضوع سے متعلق تبادلۂ خیال کیا۔

اینیمل ہیلتھ ڈویژن

آپ کا مویشی، آپ کا سرمایہ پروگرام

# عیدالاضحیٰ پر جانوروں کے مفت علاج کا کیمپ

رپورٹ: ڈاکٹر طٰہٰ ندیم، وٹرنری ٹرینی آفیسر




اس عیدالاضحیٰ پر اینیمل ہیلتھ ڈویژن کے لائیو اسٹاک کے شعبہ نے "ویٹ کریسنٹ سوسائٹی" کے اشتراک سے VUAS میں انفرادی طور پر بیمار جانوروں کے مفت معائنہ، علاج اور ادویات کی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے شاہ پور کنجاراں، لاہور میں 27 سے 31 اگست 2017 تک ایک کیمپ کا اہتمام کیا۔

لائیو اسٹاک کا شعبہ ہمیشہ سے مویشی مالکان کیلئے ان کے جانوروں کی صحت کو اوّلین اہمیت دیتا ہے اور اس کیلئے ایسی تقریبات کا انعقاد کرتا رہتا ہے۔ تاہم دور دراز علاقوں کے سفر اور شدّت کی گرمی سے جانوروں کے متاثر ہونے کا بہت زیادہ امکان ہوتا ہے۔




اس مسئلے کے حل کے سلسلے میں اس کیمپ میں جانوروں کیلئے مفت دوائیں جیسے اینٹی بایوٹیکس، NSAID اور وٹامن تقسیم کیے گئے۔

اس سرگرمی کی خاص بات یہ تھی کہ اس کے ذریعہ مقامی کمیونٹی کی توجہ اور لوگوں کا اعتماد حاصل کرنے میں مدد ملی۔

یہ کیمپ نہایت عمدہ انتظامات کے ساتھ منعقد کیا گیا جس میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اینیمل ہیلتھ ڈویژن کے اس سلوگن کو واضح طور پر پیش کیا گیا کہ: "آپ کا مویشی۔ آپ کا سرمایہ"



انیمل ہیلتھ ڈویژن

# نئی مارکیٹس کی جستجو

رپورٹ: فاطمہ جمیل





انیمل ہیلتھ ڈویژن نے نئی مارکیٹس کیلئے مسلسل اور مستحکم جستجو کے عزم کے تحت نئے کاروبار کی ڈیولپمنٹ کیلئے ایک نیا قدم اٹھایا ہے۔اس سلسلے میں فاطمہ جمیل اور ڈاکٹر شکیل احمد نے پالتو جانوروں کی مارکیٹ کا مطالعہ کیا۔اس مقصد کیلئے انہوں نے اگست کے مہینے میں اسلام آباد اور لاہور میں یونیورسٹی آف وٹرنری سائنسز(UVAS)اور معروف کلینکس کا دورہ کیا۔اس میں کئی شعبوں کی نشاندہی ہوئی اور ان کا مسابقتی تجزیہ کیا گیا۔تفصیلی سروے کے بعد انیمل ہیلتھ ڈویژن آنے والے سالوں میں اس وسعت پذیر مارکیٹ میں شامل ہونے کیلئے مرحلہ وار اقدامات کا آغاز کررہا ہے جب کہ دوسرے شعبوں میں استحکام کی جانب بھی رفتہ رفتہ پیش رفت جاری ہے۔

انیمل ہیلتھ ڈویژن

# پولٹری فارمز اور ذاتی حفاظتی طریقے

رپورٹ: ڈاکٹر زہرہ محمود، اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر۔ پولٹری

انیمل ہیلتھ ڈویژن، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پولٹری کے شعبہ نے پاکستان بھر میں فارمز کو جراثیم سے محفوظ رہنے کی مہم کے سلسلے میں ذاتی تحفظ کے آلات کے استعمال سے متعلق آگاہی پروجیکٹ کا اہتمام کیا۔ڈاکٹر زہرہ محمود (اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر) نے متعلقہ ایریا منیجرز کے ہمراہ کئی قسم کے شیڈز رکھنے والے مختلف فارمز میں اجتماعات منعقد کئے۔

ان اجتماعات کا مقصد فارم کے مالکان اور کارکنوں میں فارم منیجمنٹ کے دوران بایوسیکورٹی کے حفاظتی اقدامات کے بارے میں آگہی پیدا کرنا تھا۔اس میں فارمز کی صفائی اور ان کو جراثیم سے پاک کرنے کے لئے کیمیکل ایجنٹس کو محفوظ طریقے سے استعمال کرنے کے بارے میں پریزنٹیشن اور عملی مظاہرے کئے گئے جن کے بغیر سانس کے مسائل اور جلد کی الرجی وغیرہ ہوسکتی ہیں۔اس میں خاص طور پر اس بات پر زور دیا گیا کہ فارم میں داخل ہونے سے پہلے اپنے جوتوں کو جراثیم کش محلول سے صاف کرلینا چاہیئے تا کہ جانوروں کی صحت اور تحفظ کو بھی یقینی بنایا جا سکے۔

یہ تمام اجتماعات نہایت موثر رہے جن میں فارم کے مالکان اور کارکنوں کو ماسک، لمبے دستانے اور ٹوپیاں فراہم کی گئیں تا کہ وہ مستقبل میں ذاتی تحفظ کے آلات کو لازمی طور پر استعمال کریں۔ٹیم نے ایک سو بیس فارمز میں پانچ سو سے زیادہ صارفین سے رابطہ کیا اور ان کو ہمارا پیغام پہنچایا کہ: "ہم بناتے ہیں زندگی بہتر" اور "احتیاط علاج سے بہتر ہے"۔






ہمقدم

Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics /

لائف سائنسز